Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

# عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | ہفتہ، 18 جولائی 2026ء، 3 صفر المظفر 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 93

# تعلیم، ٹرانسپورٹ، صحت کے شعبوں میں انقلابی اقدامات کیے جا رہے ہیں، عظمیٰ بخاری

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے حکومتی وسائل کو پنجاب کے کونے کونے تک پہنچا دیا ہے، پہلے عوام حکومت کو ڈھونڈتے تھے اب حکومت لوگوں کے پاس پہنچ رہی ہے

عوام حکومت کو ڈھونڈتے تھے اب حکومت لوگوں کے پاس پہنچ رہی ہے، یہی مریم نواز کی حکومت اور باقی حکومتوں میں سب سے بڑا بنیادی فرق ہے، صوبائی وزیر اطلاعات

لاہور، صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ رنگ روڈ سروس ایریاز کے قیام کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور (اے ایف بی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ پنجاب میں تعلیم، صحت اور ٹرانسپورٹ کے شعبوں میں انقلابی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا کہ طلباء کو لیپ ٹاپ، سکالرشپ، الیکٹرک بائیکس مل رہی ہیں، نواز شریف سکول آف ایمینس منصوبہ تعلیمی انقلاب ثابت ہوگا، لاہور میں نواز شریف کینسر ہسپتال اور سرگودھا میں (بقیہ نمبر 35)

## مالی سال 2025-26 کے کرنٹ اکاؤنٹ کے اعداد و شمار جاری

پاکستان کا کرنٹ اکاؤنٹ 13 کروڑ 90 لاکھ ڈالر خسارے میں چلا گیا

جون 2026 میں کرنٹ اکاؤنٹ کا خسارہ 64 کروڑ 90 لاکھ ڈالر رہا

کراچی: (اے ایف بی) سٹیٹ بینک آف پاکستان نے مالی سال 2025-26 کے کرنٹ اکاؤنٹ کے اعداد و شمار جاری کر دیے، جن کے مطابق مالی سال کے اختتام پر پاکستان کا کرنٹ اکاؤنٹ 13 کروڑ 90 لاکھ ڈالر خسارے میں رہا۔ سٹیٹ بینک کے (بقیہ نمبر 36)

## سرکاری سکولوں میں سی سی ٹی وی کیمرے نصب کرنے کا حکم

گرمیوں کی تعطیلات میں تنصیب مکمل کرنے کی ہدایت، طلبہ کی حاضری بھی بائیومیٹرک نظام سے ہوگی

لاہور (این این آئی) محکمہ سکول ایجوکیشن نے چوری کے بڑھتے ہوئے واقعات کے پیش نظر تمام سرکاری قیمتی سامان کی سکولوں میں سی سی ٹی وی کیمرے نصب کرنے کے احکامات جاری کر دیئے۔ محکمہ تعلیم کے (بقیہ نمبر 39)

## اے ایم آئی اسمارٹ میٹرز کی مرحلہ وار تنصیب شروع

وزارت توانائی کی ہدایات پر ابتدائی مرحلے میں اگست تک ایک ہزار اسمارٹ میٹرز نصب کیے جائیں گے، ترجمان لیسکو

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) نے پنجاب حکومت کے حکموں میں اے ایم آئی اسمارٹ میٹرز کی مرحلہ وار تنصیب شروع کر دی، وزارت توانائی کی ہدایات پر ابتدائی مرحلے میں اگست تک ایک (بقیہ نمبر 38)

## نجی تعلیمی شعبہ سکول آف ایمینس کی وجہ سے پریشان ہے

سکول آف ایمینس میں ہر سال 5 سے 10 لاکھ بچے مفت تعلیم حاصل کریں گے، وزیر تعلیم رانا سکندر حیات

لاہور (این این آئی) وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات نے کہا ہے کہ صوبے کے بچوں کو نواز شریف سکول آف ایمینس کا تحفہ دینے پر وزیراعلیٰ پنجاب کا شکریہ ادا کرتا ہوں، نواز شریف سکولز آف ایمینس ڈویژن کی سطح (بقیہ نمبر 37)

لاہور: وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی اور سینئر وزیر پنجاب مریم اورنگزیب ملاقات کے دوران تبادلہ خیال کر رہے ہیں

## نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے چین کے شہر شنگھائی کا دورہ مکمل کر لیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے چین کے شہر شنگھائی کا اپنا نتیجہ خیز دورہ مکمل کر لیا جس کے دوران پاکستان نے ورلڈ (بقیہ نمبر 41)

## بجلی کی فی یونٹ قیمت میں اضافے کا امکان

سینٹرل پارو پرچیزنگ ایجنسی نے نیپرا سے رجوع کر لیا

اسلام آباد/لاہور (این این آئی) ملک بھر میں ایک ماہ کے لیے بجلی فی یونٹ ایک روپے 20 پیسے اضافے کا امکان ہے، منظوری کی صورت میں صارفین پر 18 ارب روپے سے زائد کا بوجھ پڑے گا۔ جون کے ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں (بقیہ نمبر 40)

## آسان کاروبار ایکٹ 2025 کے نفاذ میں تیزی لائی جائے، وزیراعظم

کاروبار میں آسانی کیلئے حکومت کے پالیسی اقدامات اور آسان کاروبار ایکٹ 2025 کے نفاذ میں تیزی لائی جائے

کاروبار میں آسانی کے اقدامات کی افادیت اور نفاذ کی جانچ کیلئے بین الاقوامی اداروں سے تھرڈ پارٹی ویلیڈیشن یقینی بنائی جائے، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ہدایت کی ہے کہ کاروبار میں آسانی کیلئے حکومت کے پالیسی اقدامات اور آسان کاروبار ایکٹ 2025 کے نفاذ میں تیزی لائی جائے، کاروبار میں آسانی کے اقدامات کی افادیت اور نفاذ کی جانچ کیلئے بین الاقوامی اداروں سے تھرڈ پارٹی ویلیڈیشن یقینی بنائی جائے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت کاروبار میں (بقیہ نمبر 42)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف کاروبار میں آسانی سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## اسحاق ڈار کی لاس کے وزیر خارجہ سے ملاقات، باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد/شنگھائی (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے شنگھائی میں ورلڈ آرٹیفیشل انٹیلی جنس کانفرنس کے موقع پر عوامی جمہوریہ لاس کے وزیر خارجہ تھونگساوان فونگ ویہانے سے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا جمعہ کو ایکس پر اپنے پیغام (بقیہ نمبر 43)

## سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں، 24 خوارج ہلاک

دہشت گرد متعدد دہشت گرد کارروائیوں اور بے گناہ شہریوں کے قتل میں ملوث تھے، آئی ایس پی آر

صدر مملکت آصف علی زرداری کا بنوں اور ملحقہ علاقوں میں فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

بنوں/راولپنڈی (این این آئی) بنوں اور گرد و نواح میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران فائرنگ کے مختلف تبادلوں میں بھارتی پراکسی فتنہ الخوارج کے 24 دہشت گرد ہلاک کر دیے گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا ہے۔ یہ دہشت گرد متعدد دہشت گرد کارروائیوں اور بے گناہ شہریوں کے قتل میں ملوث تھے۔ آئی ایس (بقیہ نمبر 44)

ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت اپنے دفتر میں شہریوں سے ملاقات کر رہے ہیں

## ڈپٹی کمشنر مری کی اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں سے ملاقات

معیاری سرکاری خدمات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، آغا ظہیر عباس

راولپنڈی (این ای این) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت اپنے دفتر میں شہریوں سے ملاقات کرتے ہوئے ان کے مسائل تفصیل سے سنے اور متعلقہ محکموں کے افسران کو ان کے فوری اور مؤثر حل کے لیے احکامات جاری کیے۔ ڈپٹی کمشنر آفس میں منعقدہ کھلی کچہری نما ملاقات میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور یوٹیلیٹی سروسز، اراضی کے معاملات، ریونیو، انتظامی امور اور دیگر عوامی مسائل سے آگاہ کیا۔ (بقیہ نمبر 1)

## راولپنڈی، بیوی کو بیڑیاں لگا کر حبس بے جا میں رکھنے والا شوہر گرفتار

راولپنڈی (آئی آئی پی) شوہر کی جانب سے خاتون کو حبس بے جا میں رکھنے اور بیڑیاں لگانے کا انکشاف ہوا ہے۔ خاتون کی بیڑیاں لگی ویڈیو منظر عام پر آنے کے بعد پولیس نے ملزم شوہر کو گرفتار کر لیا۔ پولیس ذرائع کا کہنا ہے جس بے جا سے نکل کر بیڑی لگی (بقیہ نمبر 45)

## ایمان مزاری اور ہادی چٹھہ کی سزا معطلی کی درخواستیں سماعت کیلئے مقرر

اسلام آباد (سی ایم لنکس) متنازع ٹوئٹس کیس میں ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی سزا معطلی کی درخواستیں 24 جولائی کو سماعت کے لیے مقرر کر دی گئی ہیں۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے رجسٹرار آفس کی جانب سے جاری کاز لسٹ کے مطابق جسٹس محمد اعظم (بقیہ نمبر 46)

## لاہور رنگ روڈ پر جدید معیار کی سفری سہولیات فراہم کی جائیں گی

صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ کا لاہور رنگ روڈ سروس ایریاز منصوبے پر پیش رفت کا جائزہ اجلاس

منصوبے کو فاسٹ ٹریک پر مکمل کرنے کی ہدایت، وزیراعلیٰ مریم نواز لاہور رنگ روڈ کو اسٹیٹ آف دی آرٹ کرنے کے مشن پر گامزن ہیں، گفتگو

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ کی زیر صدارت لاہور رنگ روڈ سروس ایریاز منصوبے پر پیش رفت کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری محکمہ مواصلات و تعمیرات راجہ جہانگیر انور، چیئرمین لاہور رنگ روڈ اتھارٹی صفی اللہ گوندل، اسپیشل سیکرٹری اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ لاہور رنگ روڈ سروس ایریاز منصوبے کے مالیاتی بڈز کا عمل مکمل کر لیا گیا ہے۔ فیزون کے تحت لاہور رنگ روڈ پر چھ جدید سروس ایریاز قائم کیے جائیں گے۔ (بقیہ نمبر 47)



لاہور: سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی کا اسیران کی بحالی اور متشدد رویوں کے خاتمے کیلئے ڈی ریڈیکلائزیشن سینٹرز کے قیام کے حوالے سے اجلاس کے بعد شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا ''اپنی چھت، محفوظ چھت'' پراجیکٹ کے پورٹل کی ڈیجیٹل لانچنگ، اظہار تشکر

# ''اپنی چھت، محفوظ چھت'' پراجیکٹ شروع

پنجاب کے شہری اپنے گھر کی چھت کو محفوظ اور مضبوط بنانے کیلئے 5 لاکھ، گھر میں اضافی کمرے، دوسری منزل وغیرہ بنانے کیلئے 10 لاکھ کا بلاسود لون لے سکیں گے

''اپنی چھت، محفوظ چھت'' پراجیکٹ کیلئے ماہانہ قسط 14 ہزار کی بجائے تقریباً 4700 سے 9300 ماہانہ قسط مقرر کرنے کی ہدایت، پراجیکٹ میں آن لائن ویب سائٹ، ڈپٹی کمشنر، اے سی آفس اور پھاٹا کے دفاتر میں اپلائی کر سکتے ہیں

گھر محض اینٹ پتھر کا مجموعہ نہیں بلکہ تحفظ کی علامت ہے، محفوظ گھر انسان کو احساس تحفظ دیتا ہے، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی گفتگو

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے سانحہ کاہنہ کے شہید معصوم بچوں کی یاد میں ''اپنی چھت، محفوظ چھت'' پراجیکٹ پورٹل کا افتتاح کر دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ''اپنی چھت، محفوظ چھت'' پراجیکٹ پورٹل کا ڈیجیٹل لانچ کیا اور پورٹل کے اجراء پر اظہار تشکر کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر ''اپنی چھت، محفوظ چھت'' پراجیکٹ کیلئے ماہانہ قسط کو کم کرتے ہوئے 14 ہزار ماہانہ کی بجائے تقریباً 4700 سے 9300 ماہانہ قسط مقرر کی گئی ہے۔ ''اپنی چھت، محفوظ چھت'' پراجیکٹ کے تحت پنجاب کے شہری اپنے گھر کی چھت کو محفوظ اور مضبوط بنانے کیلئے 5 لاکھ کا بلاسود قرض حاصل کر سکیں گے۔ شہری اپنے گھر میں اضافی کمرے، دوسری منزل وغیرہ بنانے کیلئے بھی 10 لاکھ کا بلاسود لون لے سکیں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین، سیکرٹری ہاؤسنگ نور الامین مینگل اور ٹیم کو شاباش دی۔ صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین (بقیہ نمبر 48)

لاہور: وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی، دوبارہ بحال ہونے والی بلھے شاہ پسنجر ٹرین کا لاہور ریلوے اسٹیشن پر افتتاح کر رہے ہیں

## راجن پور، بی آئی ایس پی کی فراڈ میں ملوث عناصر کے خلاف سخت کارروائی

مستحقین کے حقوق کا ہر قیمت پر تحفظ یقینی بنایا جائے گا، متاثرہ مستحقین کو اپنی نگرانی میں تمام ضروری مراحل سے گزارنا شروع کر دیا

ڈیجیٹل والیٹ اکاؤنٹ کے حوالے سے اضافی رقم وصول کرنا غیر قانونی ہے اور ایسے عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائی جاری رہے گی

راجن پور (این ای این) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی) نے مستحقین سے غیر قانونی طور پر رقم وصول کرنے اور ڈیجیٹل والیٹ اکاؤنٹس کی سموں کے عوض پیسے لینے کی شکایات پر فوری نوٹس لیتے ہوئے سخت کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔ عوام کی جانب سے موصول ہونے والی متعدد شکایات میں بتایا گیا کہ بعض ریٹیلرز جنرٹڈ مستحقین سے ڈیجیٹل والیٹ اکاؤنٹ کی سمز کے نام پر ناجائز رقم وصول کر رہے ہیں، جو نہ صرف قانون کی خلاف ورزی ہے بلکہ غریب اور مستحق خاندانوں کے حقوق پر بھی ڈاکہ ڈالنے کے مترادف ہے۔ (بقیہ نمبر 3)

## وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی چینی ہم منصب سے ملاقات

سی پیک 2.0، تجارت اور سرمایہ کاری میں مزید تعاون بڑھانے پر اتفاق، باہمی شراکت داری کی مسلسل مضبوطی اور مستقل پیش رفت پر اطمینان کا اظہار

پاکستان۔ چین ہمہ موسمی سٹریٹجک تعاون پر مبنی شراکت داری کو مزید گہرا کرنے کے اپنے مشترکہ عزم کا اعادہ

اسلام آباد/شنگھائی (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے شنگھائی میں ورلڈ آرٹیفیشل انٹیلی جنس کوآپریشن آرگنائزیشن کے قیام کے موقع پر چین کے وزیر خارجہ وانگ ای سے ملاقات کی جس میں سی پیک 2.0، تجارت اور سرمایہ کاری میں مزید تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ جمعہ کو دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم کے ہمراہ وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزا فاطمہ خواجہ، وزیراعلیٰ پنجاب کے مشیر برائے مصنوعی ذہانت (اے آئی) و خصوصی اقدامات علی مصطفیٰ ڈار، (بقیہ نمبر 49)

وفاقی وزیر برائے تجارت جام کمال خان بطور مہمانِ خصوصی، مصر کے سفیر اور دیگر ممتاز مہمانوں کے ہمراہ عرب جمہوریہ مصر کے قومی دن کی مناسبت سے منعقدہ استقبالیہ میں کیک کاٹ رہے ہیں

## اسحاق ڈار کی انتونیو گوتریس سے ملاقات، علاقائی صورتحال پر گفتگو

شنگھائی: (اے ایف بی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس سے ملاقات کی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق ملاقات شنگھائی میں ورلڈ آرٹیفیشل انٹیلی جنس کانفرنس کے موقع پر ہوئی، ملاقات میں اقوام متحدہ اور ٹیلیفونک رابطوں کے ذریعہ حالیہ ملاقاتوں پر تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کے دوران خطے اور دنیا (بقیہ نمبر 55)

## راولپنڈی میں پولیس کے ہنی ٹریپ گینگ کا انکشاف

پولیس ہیڈ کانسٹیبل اور خاتون سمیت 5 افراد ملوث نکلے، مقدمہ درج

راولپنڈی (آئی آئی پی) راولپنڈی میں پولیس کے ہنی ٹریپ گینگ کا انکشاف ہوا جس پر ہیڈ کانسٹیبل، خاتون سمیت پانچ افراد کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ راولپنڈی میں شہری کو خاتون کے ذریعے ہنی ٹریپ کر کے لوٹنے کا واقعہ پیش آیا جس پر ہیڈ (بقیہ نمبر 50)

## وفاقی وزیر ریلوے نے بلھے شاہ ایکسپریس کا افتتاح کر دیا

لاہور سے واہگہ اور راوی ایکسپریس بھی جلد چلائیں گے، وفاقی وزیر ریلوے

لاہور (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا ہے کہ 15 سال بعد بلھے شاہ ایکسپریس کا لاہور سے دوبارہ آغاز کیا جا رہا ہے جس کی عوام میں طویل عرصے سے شدید طلب موجود تھی۔ انہوں نے اعلان کیا کہ لاہور سے واہگہ شٹل ٹرین (بقیہ نمبر 51)

لاہور: وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی، دوبارہ بحال ہونے والی بلھے شاہ پسنجر ٹرین کا لاہور ریلوے اسٹیشن پر افتتاح کرنے کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

## تربیلا ڈیم کے اسپل ویز کو کھول دیا گیا

دریائے سندھ کے نشیبی علاقوں میں پانی کے بہاؤ میں اضافہ متوقع ہے

صوابی (سی ایم لنکس) تربیلا ڈیم کے اسپل ویز کو کھول دیا گیا جس کے باعث دریائے سندھ کے نشیبی علاقوں میں پانی کے بہاؤ میں اضافہ متوقع ہے۔ این ڈی ایم اے کے مطابق دریائے سندھ سے ملحقہ علاقوں میں سیاحتی سرگرمیوں سے گریز کریں، تیز (بقیہ نمبر 52)

## آئندہ چند روز کے دوران گرج چمک کیساتھ بارشوں کی پیشگوئی

ویک اینڈ کے دوران مزید شدت اختیار کرنے کا امکان ہے، محکمہ موسمیات

راولپنڈی (این ای این) محکمہ موسمیات کے مطابق بحیرہ عرب سے آنے والی مون سون ہوائیں ملک کے بالائی اور وسطی علاقوں میں مسلسل داخل ہو رہی ہیں اور ویک اینڈ کے دوران مزید شدت اختیار کرنے کا امکان ہے۔ پیر کے روز مغربی ہواؤں کا سلسلہ ملک کے بالائی علاقوں میں داخل ہوگا۔ اس موسمی نظام کے زیر اثر بالائی اور وسطی علاقوں (بقیہ نمبر 2)

## فارماسیوٹیکل سیکٹر میں سرمایہ کاری کے معاہدے اہم سنگ میل ثابت ہوں گے

وزیراعظم کے معاون خصوصی ہارون اختر خان کا نیوز کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان نے کہا ہے کہ پاکستان مینوفیکچرنگ ہب بننے جا رہا ہے، چینی کمپنیوں (بقیہ نمبر 53)

تحریک انصاف کے مرکزی صدر و سابق وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی، سابق مشیر وزیراعلیٰ ملک ظفر اقبال بارا مرحوم کی وفات پر انکے اہل خانہ سے اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

## سردار تنویر الیاس کے قافلے پر فائرنگ، سیکیورٹی گارڈ جاں بحق

جاں بحق سیکیورٹی گارڈ سردار آصف یوسف کا تعلق کوٹیڑہ گوراہ پلندری سے تھا

پلندری (سی ایم لنکس) آزاد کشمیر کے سابق وزیراعظم اور حال ہی میں استحکام پاکستان پارٹی جوائن کرنے والے سردار تنویر الیاس کے قافلے پر فائرنگ ہوئی جس (بقیہ نمبر 54)

## شیشہ کیفوں اور ایچ آئی وی کیسز ڈی سی آئی جی اسلام آباد طلب

چیف جسٹس سرفراز ڈوگر نے شہری عبدالجبار کی درخواست پر دو صفحات پر مشتمل تحریری حکم نامہ جاری کیا

درخواست گزار کے مطابق یہ شیشہ کیفے ایچ آئی وی سمیت دیگر بیماریوں کے پھیلاؤ کا سبب بن رہے ہیں

اسلام آباد (اے ایف بی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے وفاقی دارالحکومت میں شیشہ کیفوں کے قیام اور ایچ آئی وی کے مریضوں کی تعداد میں اضافے سے متعلق درخواست پر ڈپٹی کمشنر اور آئی جی اسلام آباد کو طلب کرتے ہوئے تحریری حکم جاری کر دیا۔ چیف جسٹس سرفراز ڈوگر نے شہری عبدالجبار کی درخواست پر دو صفحات پر مشتمل تحریری حکم نامہ جاری کیا، جس میں فریقین کو 7 روز کے اندر جواب اور پیراوائز کمنٹس جمع کرانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ حکم نامے کے مطابق درخواست گزار کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ اسلام آباد میں بڑی (بقیہ نمبر 56)

## پروفیسر ڈاکٹر اقبال محمود کا ضلع چکوال کے مارکنگ سینٹرز کا دورہ

امتحانی شفافیت اور معیار جانچ پر زیرو ٹالرنس پالیسی کا دوٹوک اعادہ

راولپنڈی (این ای این) چیئرمین تعلیمی بورڈ راولپنڈی پروفیسر ڈاکٹر اقبال محمود نے کنٹرولر امتحانات پروفیسر تنویر اصغر اعوان کے ہمراہ ضلع چکوال کے مختلف مارکنگ سینٹرز اور پریکٹیکل امتحانی لیبارٹریز کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کا مقصد میٹرک و انٹرمیڈیٹ امتحانات کے جانچ کے عمل، پریکٹیکل امتحانات، امتحانی نظم و ضبط، شفافیت اور بورڈ کے (بقیہ نمبر 57)

## سانحہ زیارت میں پولیس شہدا کے لواحقین کا دھرنا چھٹے روز بھی جاری

کوئٹہ (سی ایم لنکس) سانحہ زیارت میں شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کے لواحقین کا دھرنا آج چھٹے روز بھی جاری ہے۔ گزشتہ روز حکومتی مذاکراتی کمیٹی اور دھرنا شرکا کے درمیان ہونے والے مذاکرات کسی (بقیہ نمبر 58)

## مریم نواز سپورٹس سٹی کے قیام کی جانب اہم پیشرفت

فزیبلٹی اسٹڈی کی منظوری دے دی گئی، 300 ایکڑ پر عالمی معیار کا سپورٹس سٹی تعمیر ہوگا

جدید اسٹیڈیم، اولمپک سوئمنگ ایرینا، ویلوڈروم اور دیگر کھیلوں کی سہولیات منصوبے کا حصہ ہیں

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے لاہور میں ''مریم نواز سپورٹس سٹی'' کے قیام کی جانب اہم پیش رفت کرتے ہوئے منصوبے کی فزیبلٹی اسٹڈی کی منظوری دے دی ہے، منصوبے کا مقصد صوبے میں عالمی معیار کی کھیلوں کی سہولیات فراہم کرنا اور بین الاقوامی معیار کا جدید اسپورٹس کمپلیکس قائم کرنا ہے۔ منصوبے کے تحت لاہور میں 300 ایکڑ رقبے پر جدید، مربوط اور عالمی معیار کا سپورٹس سٹی تعمیر کیا جائے گا۔ فزیبلٹی اسٹڈی میں منصوبے کی لاگت، مالیاتی پائیداری، ماحولیاتی اثرات، تکنیکی امور اور دیگر ضروری پہلوؤں کا تفصیلی جائزہ لیا جائے گا تاکہ اس کی بنیاد پر منصوبے پر (بقیہ نمبر 59)

نارووال، ریسکیو ٹیم نہر میں چھلانگ لگانے والی خاتون مسافر کی لاش ہسپتال منتقل کر رہی ہے

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

# ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

## ڈنکی کا نہ ختم ہونے والا سلسلہ

**ایف آئی اے حکام کے مطابق 12 پاکستانی نوجوانوں کو انسانی سمگلروں نے یورپ بھجوانے کا جھانسا دے کر ایران میں اغوا کر لیا اور ان کے اہلِ خانہ سے بھاری تاوان طلب کیا جا رہا ہے۔ یہ واقعہ ایک مرتبہ پھر اس تلخ حقیقت کو اجاگر کرتا ہے کہ غیر قانونی طور پر بیرونِ ملک جانے کا راستہ روشن مستقبل نہیں بلکہ جان' مال اور عزت کیلئے سنگین خطرات کا سندیسہ ہے۔ وفاقی تحقیقاتی ادارے کے اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ چار برسوں کے دوران غیر قانونی طور پر یورپ جانے کی کوشش میں 335 پاکستانی اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے لیکن ان المناک واقعات کے باوجود ڈنکی کا رجحان ختم نہیں ہو رہا۔**

**اگرچہ گزشتہ چند برسوں کے دوران قانون نافذ کرنے والے اداروں نے انسانی سمگلروں کے خلاف کریک ڈاؤن تیز کیا ہے اور غیر قانونی سفر کے مختلف راستوں کو بند کرنے کی کوشش کی ہے' تاہم حقیقت یہ ہے کہ ایک راستہ بند ہوتا ہے تو انسانی سمگلر فوراً دوسرا راستہ تلاش کر لیتے ہیں۔ اب پرانے روٹس کے بجائے ملائیشیا' ازبکستان' بیلاروس' موریطانیہ اور سینیگال جیسے نئے راستے استعمال کیے جا رہے ہیں۔ حکومت کو چاہیے کہ انسانی سمگلروں کے خلاف کریک ڈاؤن کیساتھ ساتھ نوجوانوں میں آگاہی بھی پھیلائے۔ نوجوانوں کو بھی چاہیے کہ وہ غیر قانونی ہجرت کے بجائے تعلیم' ہنر اور قانونی امیگریشن کے ذرائع اختیار کریں۔**

## اللہ کا دوست

تحریر: پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

میرے سامنے میری زندگی کا عجیب و غریب شادی شدہ جوڑا بیٹھا ہوا تھا ان کے سوال نے میرے دماغ کے سرکٹ کو ہلا کر رکھ دیا تھا میں اور کوئی ان کے اِس سوال یا خوف کے بارے میں سوچ بھی نہیں سکتا تھا ایک ارب پتی جوڑا جن کے پاس زندگی کی تمام سہولیات اور نعمتیں وافر مقدار میں موجود تھیں دولت کی دیوی اِن پر اِس قدر مہربان ہوئی کہ اِن کے رشتے دار اور دوست احباب بھی لاکھ پتی بن گئے جو اِن کے قریب ہوا اس کے گھر میں بھی دولت کی ریل پیل ہو گئی میں اپنی زندگی میں لاکھوں ہزاروں لوگوں سے مل چکا ہوں ایسا جوڑا آج تک میری نظر سے نہیں گزرا تھا اور نہ ہی کسی نے ایسا سوال کیا تھا ان کی گفتگو حرکات و سکنات سے دولت کی چمک واضح طور پر نظر آ رہی تھی دونوں دنیا کی مہنگی ترین جہازی گاڑی میں میرے پاس آئے اور آتے ہی سوال کیا کہ میں حیران رہ گیا خاوند نے پراسرار طور پر دائیں بائیں دیکھا اور سرگوشی کے لہجے میں بولا جناب آپ سے ایک دعا کرانی ہے وہ یہ کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں بے پناہ دولت سے نوازا ہے میں مٹی کو ہاتھ لگاتا ہوں تو وہ سونا بن جاتی ہے میں جو چیز خریدتا ہوں وہ دنوں میں ڈبل ٹرپل ہو جاتی ہے میرے پاس آپکی سوچ سے بھی زیادہ دولت ہے آپ خدا سے یہ دعا کریں کہ ہمیں اب مزید دولت نہیں چاہیے اب اللہ تعالیٰ یہ دولت کسی اور کو دے دے میں حیران نظروں سے اسے دیکھ رہا تھا اب دونوں میاں بیوی اِس خوف میں مبتلا تھے کہ اللہ تعالیٰ سے ایسی دعا کریں کہ وہ ہمیں یہ دولت کا خزانہ استعمال کرنے کی مہلت دے کہیں ہمیں کچھ ہو نہ جائے بیوی کو یہ خوف تھا کہ کہیں اس کا خاوند دوسری شادی نہ کر لے جبکہ وہ اِس خوف میں مبتلا تھا کہ اس کے بیٹے بیمار نہ ہو جائیں یا عیاشی میں نہ پڑ جائیں دونوں جتنی دیر میرے پاس بیٹھے رہے فقیروں کی طرح بلکتے رہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اِس دولت کو انجوائے کرنے کا موقع دے یعنی دونوں دولت کے سنہری جال کے پرندے بن کر خوف کا شکار ہو کر میرے پاس آئے تھے میں نے حسبِ معمول دونوں کو خدمت خلق کا کہا تو وہ چلے گئے لیکن میرے سوچ کے دریچے وا کر گئے کہ یہ کیسے لوگ ہیں جو دولت مند ہو کر بھی خوف کا شکار ہیں خوف اور حزن دو کیفیات ہیں جن کا تعلق انسان کی سوچ فکر اور باطن سے ہے کہ دل و دماغ کی حالتیں ہیں Anxiety یعنی خواہ مخواہ کی بے قراری بے چینی اضطراب ڈپریشن اداسی مایوسی شرمندگی اِن دونوں کیفیات کا اگر ہم بغور مشاہدہ کریں تو یہ پتہ چلتا ہے کہ کسی چیز کو حاصل کرنے کی تڑپ اپنانے کا جنون خوف کے زمرے میں آتا ہے بے چین انسان کسی کو پانے کے لیے بے چین ہو جاتا ہے کہ کہیں یہ نہ چھن جائے اِس نعمت سے محروم نہ ہو جاں کسی کے کھونے کے احساس سے وہ اداس بے قرار خوف زدہ رہتا ہے اگر وہ واقعی چلی جائے تو پھر انسان مایوس خوف زدہ ہو جاتا ہے کرہ ارض پر پھیلے اربوں انسان مادیت پرستی میں غرق اسی سوچ میں ہی بے قرار نظر آتے ہیں اِن انسانوں کے ہجوم میں روشنی کے ٹمٹماتے چراغ صرف اللہ کے دوست ہی ایسے نظر آتے ہیں جو نہ تو کسی غیر ضروری چیز کے طالب ہوتے ہیں اور نہ ہی کسی چیز کے چھن جانے پر وہ کسی خوف یا مایوسی کا شکار ہوتے ہیں اور جو چیز کسی کی ہے ہی نہیں اس کے کھونے کا خوف کیسا حقیقی خوشی کی کلید اعظم ہی راز ہے جس سے مسرت کے حقیقی چشمے پھوٹتے ہیں آپ آج کے انسان کا مطالعہ کریں تو واضح نظر آتا ہے کہ مادی انسانوں نے حصول لذت و مسرت کے لیے پوری دنیا میں اندھیر مچا رکھا ہے اگر ان کے خیالات کو جان سکیں تو یہی انکشاف ہوتا ہے کہ وہ سب کچھ پا کر بھی خوف و حزن کے ہی قیدی نظر آتے ہیں تو کیا یہ بہتر نہیں کہ وہ پانے کے جنون سے آزاد ہو کر خود بھی بے خوف ہو جائیں اور دوسروں کو بھی غمگین نہ کریں حقیقی خوشی کا راز یہ نہیں ہے کہ کسی مجبور بے کس کو آنسو بہانے پر مجبور کر لیا یا کسی کی لاش پر اپنی خوشی کا محل تعمیر کریں بلکہ مظلوم کو گلے لگا کر آنسو پونچھ کر لطف اٹھانے کا سلیقہ آنا چاہیے یتیم بچی کے سر سے دوپٹہ اتار کر نہیں اس کے سر پر شفقت بھرا ہاتھ رکھ کر مسرت ملتی ہے کسی بے آسرا کو پناہ دے کر خوشی ملتی ہے کسی یتیم کو جھڑک کر نہیں دھکے دے کر دور ہٹانے سے نہیں بلکہ اس کے آنسو پونچھ کر اسے سینے سے لگانے سے حقیقی خوشی ملتی ہے خوش وہ شخص نہیں ہے جو خوش حال ہو خوش لباس ہو اس کے میز پر دنیا جہاں کے لذیذ مشروب اور کھانے چنے ہوں بلکہ حقیقی خوش تو وہ ہے جو خوش رہنے کا آرٹ جانتا ہو اِسی عرصے کا میاب وہ شخص نہیں جس کو ہر قدم پر کامیابی ملتی ہو یا جن پر کامیابیوں کی برسات جاری ہو بلکہ خوش تو وہ ہے جس کے تھوڑے پیسوں میں برکت ہو جس کو کسی سے کام ہی نہ پڑے جس کے گھر میں بیماری پریشانی ہی نہ آئے خوبصورت خوشحال زندگی کا راز یہ ہے کہ جس میں خوشی کی تلاش نہ ہو بلکہ خوشی خود ہی پھوٹ پڑے کام نکلوایا نہ جائے بلکہ کام پڑنے کی نوبت ہی نہ آئے کرہ ارض پر اربوں انسانوں میں ایسا کون ہوگا جو ایسی خوشی اور کامیابی کا طالب نہ ہو اہل دنیا نے خوشی کے اپنے ہی طریقے وضع کر لیے ہیں ہر انسان کامیابی اور خوشی کے حصول میں اِس قدر دیوانگی سے دوڑ رہا ہے کہ وہ حقیقی خوشی کے اصل معنی کو بھول چکا ہے ناخوشی اور ناکامی کی اصل وجہ اندیشہ یا خوف ہے اِس دنیا میں حقیقی خوشی اور کامیابی کا تصور تو کیا جا سکتا لیکن حاصل کرنا تقریباً ناممکن ہے انسان خوف سے آزاد نہیں ہوتا دنیا جہاں کے کھانوں کے بعد ہی بھوک باقی رہتی ہے مزے دار مشروبات کے بعد بھی پیاس باقی رہتی ہے کامل صحت میں بھی بیماری جان نہیں چھوڑتی جوانی آخر بڑھاپے کی دہلیز پار کرتی ہے مسکراہٹ کے بعد آنسو آتے ہیں کامیابی کے بعد ناکامی عروج کے بعد زوال زندگی کا خاتمہ موت تاریخ انسانی ایسے واقعات سے بھری پڑی ہے لیکن انسان پھر سبق لینے کو تیار نہیں دولت اقتدار شہرت کے آسمان پر جگمگاتے کے بعد چھن جانے کا خوف جاری رہتا ہے حقیقی خوشی سٹور سے لانے والی کوئی چیز نہیں یہ تو ایک کیفیت ہے اور یہ تو گھر بیٹھے بھی مل جاتی ہے کیا سقراط نے دانش اپنی عزت نفس بیچ کر تی تھی افلاطون کو دماغ اپنی غیرت بیچنے پر ملا؟ کیا اولیا کرام کو لازوال شہرت بھوک پیاس کے نتیجے میں ملی کیا داتا گنج بخش، خواجہ معین الدین چشتی اجمیری کو ولایت کسی حکمران کی خوشامد کے عوض ملی کیا مولانا روم اور سعدی شیرازی شہرت کے آسمان پر ہوس میں مبتلا ہو کر چمکے؟ کیا غزالی ابن عربی رازی کو یہ مقام دولت کے بل بوتے پر ملا کیا اقبال کی قلندری کے پیچھے دولت کی ریل پیل نظر آتی ہے؟ بلکل بھی نہیں انسان اگر پانے کے خمار اور کھو جانے کے آزاد سے آزاد ہو جائے تو وہ سوکھی روٹی کے نوالے میں مرغن غذا کا نشہ پاتا ہے اسے کچے چھپر میں قصرِ مرمر کا سکون ملتا ہے یہ بھی سچ ہے کہ جو نشہ ٹھکرانے میں ہے وہ دامن پھیلانے میں کبھی نہیں ہو سکتا ہے حقیقی خوشی صرف اسے حاصل ہوتی ہے جو خوف حزن سے پاک ہو جائیں جو خدمت خلق کے نشے میں ڈوب جائیں یا اللہ تعالیٰ کے رنگ میں رنگے جائیں جو اللہ کے دوست بن جائیں کیونکہ جو اللہ کا دوست بن جائے وہ ہر قسم کے خوف سے آزاد ہو جاتا ہے قرآن مجید سورہ یونس میں ارشاد گرامی ہے۔ آگاہ رہو اللہ کے دوست نہ خوف میں مبتلا ہوئے اور نہ حزن کا شکار ہوتے ہیں۔

## نئے زمانے کے ٹھگ

سعود عثمانی

فیس بک پر ایک پیغام نے چونکا دیا۔ وہ دوست امریکہ میں مقیم تھا اور ایسا پیغام اس کی طرف سے کبھی وصول نہیں ہوا تھا۔ پیغام بھی رومن اردو میں' جو اس کی عادت ہی نہیں تھی۔ اس سے رابطہ بھی وٹس ایپ پر ہوا کرتا تھا' فیس بک پر نہیں۔ سلام اور حال چال کے بعد اس نے فوراً ہی چیٹ پر کہا: مجھے اک فوری کام پڑ گیا ہے آپ سے۔ کچھ رقم پاکستان کے ایک اکاؤنٹ میں فوری بھیجنی ہے۔ دس ہزار روپے۔ میں دو دن بعد آپ کو واپس کر دوں گا۔ میں نے پوچھا: زبیر کا کیا حال ہے' اور اسلم صاحب آج کل کہاں ہیں؟ جواب آیا کہ دونوں خیریت سے ہیں' آپ میرا یہ کام فوری کر دیں۔ میں نے ایک ہی سانس میں اسے جتنا برا بھلا کہنا ممکن تھا کہہ دیا کیونکہ زبیر اور اسلم محض فرضی وجود تھے جن کا اس دوست سے کوئی تعلق نہیں تھا۔ جواب میں اس نے مجھے فوراً بلاک کر دیا۔ اور یوں اس جعلی آئی ڈی سے رابطہ ختم ہو گیا۔

یہ صرف ایک مثال ہے۔ ایسی بیسیوں مثالیں ہیں۔ میرے ساتھ کئی بار ایسا ہو چکا ہے کہ کسی جاننے والے نے فرینڈ ریکویسٹ بھیجی پروفائل میں اس کی تصویر بھی لگی تھی۔ اس خیال سے کہ شاید اس جاننے والے کی سابقہ آئی ڈی میں کوئی مسئلہ ہو گیا ہوگا' جو کہ ہو جاتا ہے' میں نے نئی آئی ڈی کو شامل کر لیا اور اسی شام اس نے یہ کہانی ڈال دی یعنی پیسوں کی درخواست کر دی۔ فیس بک اور ایکس وغیرہ پر چونکہ فون نمبر کی بھی ضرورت نہیں اس لیے دھوکے بازوں کا کام آسان ہو گیا ہے۔ خدا کا شکر کہ ہمیشہ یہ فوسر بازی سمجھ آتی رہی اور کبھی نقصان نہیں ہوا لیکن ایسے لوگ مجھے معلوم ہیں جو دھوکے میں آ گئے اور اچھا خاصا نقصان کر بیٹھے۔

جیسے جیسے جدید دور میں جائز پیسے کمانے کے نئے طریقے ایجاد ہوئے ہیں' ویسے ویسے نوسر بازی کے نت نئے طریقے بھی سامنے آ رہے ہیں۔ سوشل میڈیا اور موبائل کے ملاپ نے فراڈ کے بہت سے راستے کھول دیے ہیں۔ یہ میرے ساتھ بہت مرتبہ ہوا اور میرا خیال ہے کم ہی لوگ بچے ہوں گے جن کے ساتھ یہ نہ ہوا ہو کہ اچانک کسی اجنبی نمبر سے کال آئی' بولنے والے نے پوچھا: آپ فلاں صاحب بول رہے ہیں۔ تصدیق کی تو پھر سوال کیا کہ آپ کا فلاں بینک کی فلاں برانچ میں اکاؤنٹ ہے۔ اس کی بھی تصدیق کر دی تو بولے: یہ اکاؤنٹ بلاک کیا جا رہا ہے کیونکہ سٹیٹ بینک کی ہدایات ہیں۔ اگر آپ اکاؤنٹ بلاک نہیں کرانا چاہتے تو اس کا ایک طریقہ ہے۔ پھر وہ طریقہ بتلایا جاتا ہے جس میں کسی خاص اکاؤنٹ میں پیسے بھجوانے ہوتے ہیں۔ خدا کا شکر کہ میں اس دھوکے میں بھی کبھی نہیں آیا لیکن متعدد لوگوں کے ساتھ یہ فراڈ بھی ہو چکا ہے بلکہ اب یہ دھوکا بھی پرانا ہو گیا ہے۔ اکثر اس طریقے میں کوئی اجنبی نمبر استعمال ہوتا ہے لیکن حد ہو جاتی ہے جب بینک کا آفیشل نمبر سکرین پر آئے لیکن وہ بھی دھوکا ہو۔ اسی سے ملتا جلتا ایک اور طریقہ یہ ہے کہ آپ کو بظاہر بینک سے کال آتی ہے اور آپ سے آپ کا بینک اور اے ٹی ایم پن کوڈ پوچھا جاتا ہے جو نہایت حساس کوڈ ہے۔ اگر آپ نے غلطی سے پن کوڈ بتا دیا یا اس کے بھیجے ہوئے لنک پر کلک کر دیا تو بس منٹوں میں آپ کے پیسے غائب ہونا شروع ہو جائیں گے۔ چنانچہ بہت محتاط رہنا پڑتا ہے اور بعض اوقات بینک کی اصلی کال بھی فراڈ لگتی ہے۔

یہ صرف اندیشہ نہیں حقیقت ہے۔ تین چار ماہ پہلے رات ڈھائی بجے میرے فون پر کال آئی۔ رات کی کال اور وہ بھی جب سوتے میں جگا دے' پریشان کن اور تکلیف دہ ہوتی ہے۔ کوئی صاحب بولے: میں فلاں بینک کے کراچی دفتر سے بول رہا ہوں۔ آپ کا اکاؤنٹ نمبر فلاں ہے۔ کیا آپ سعود صاحب بول رہے ہیں۔ میں انجانے خطرے سے محتاط ہو گیا۔ سب سے پہلے تو یہ تصدیق کی کہ وہ واقعی بینک والا ہی ہے۔ اس نے کہا کہ ایک سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر آج رات آپ کے کارڈ سے ایک ادائیگی ہوئی ہے' کیا آپ نے کی ہے؟ ہمیں شک ہے کہ یہ آپ نے نہیں کی۔ میں پریشان ہو گیا۔ بات کرتے ہوئے اکاؤنٹ چیک کیا تو واقعی کئی ہزار روپے کی رقم اکاؤنٹ سے نکلی تھی۔ میں نے کہا یہ ادائیگی میں نے نہیں کی' یہ کوئی فراڈ ہے۔ اس نے کہا ٹھیک ہے۔ امید ہے آپ کی رقم آپ کو واپس مل جائے گی لیکن میں یہ کال متعلقہ شعبے میں ٹرانسفر کر رہا ہوں' وہ آپ کو اس کا طریقہ کار بتا دیں گے۔ پھر کسی اور صاحب نے بات کی۔ میں حد درجہ محتاط تھا کہ یہ فراڈ کی اطلاع ہے یا خود ایک فراڈ ہے۔ کافی دیر کے بعد جب مجھے یقین ہو گیا کہ یہ اصل بینک کے لوگ ہیں تو میں نے اس کے بتائے طریقے پر عمل کیا اور کچھ دن کے بعد وہ رقم اکاؤنٹ میں واپس آ گئی۔

ایک اور نیا طریقہ جو اَب پرانا ہو چکا ہے' ڈیجیٹل بینک اکاؤنٹس سے متعلق ہے' جو آپ کے موبائل نمبر سے کھلتے ہیں۔ ان اکاؤنٹس میں رقم بھجوانے کی ایک حد مقرر ہے جس سے بہت بار لوگ تنگ ہوتے ہیں۔ نئے ٹھگوں نے کسی نمبر سے کال کر کے یہ حد بڑھانے کا جھانسا دینا شروع کیا اور وہ شخص جو اس حد تک تنگ تھا' اس دھوکے میں آ گیا اور رقم مطلوبہ اکاؤنٹ میں بھیج دی۔ ڈرامہ ایسے کیا جاتا ہے کہ اچھے بھلے ہوشیار لوگ پھنس جاتے ہیں۔ ایک اور طریقہ چل رہا ہے۔ آپ کو ایک نمبر سے کال آتی ہے کہ میں فلاں کوریئر سروس سے بول رہا ہوں' آپ کا پیکٹ ڈیلور کرنا ہے اس لیے ایک لنک آپ کے وٹس ایپ پر بھیجا ہے' اس پر کلک کر دیں۔ میں نے ڈانٹ کر کہا کہ اگر کوریئر سے بول رہے ہو تو پیکٹ ڈیلور کر دو' ایڈریس تمہارے پاس ہے' میں لنک پر کیوں کلک کروں۔ اس لنک پر کلک کرنے کا مطلب ہے اپنی معلومات اس ٹھگ تک پہنچا دینا۔ معلوم نہیں کتنے لوگ اس کا بھی شکار ہو رہے ہیں۔ خدا کا شکر کہ میں اب تک تو ایسی کالز کے باوجود محفوظ رہا ہوں۔

کافی سال پہلے میں اپنے دفتر بیٹھا ہوا تھا' سردی کے دن تھے' ایک آدمی جو حلیے سے ریٹائرڈ سپاہی یا پولیس اہلکار لگتا تھا' چادر کی بکل مارے داخل ہوا۔ اس نے پوچھا کہ کیا وسیم صاحب آ گئے ہیں؟ میں نے کہا: کون وسیم صاحب؟ اس نے کہا کہ میں لاہور ایئرپورٹ پر کسٹم اہلکار ہوں' وسیم صاحب میرے بھائی ہیں اور یہاں ملنا طے ہوا تھا۔ کیا میں یہاں وسیم کا انتظار کر لوں؟ میری اجازت پر وہ بیٹھ گیا اور کچھ دیر بعد اپنی کہانی ڈالنی شروع کی۔ بولا: دراصل کسٹم والے جو ناجائز چیزیں پکڑتے ہیں سال بھر کے بعد اس کی نیلامی ہوتی ہے اور قیمتی چیزیں مارکیٹ سے آدھی سے بھی کم قیمت پر مل جاتی ہیں۔ وسیم کی بیٹی کی شادی ہے تو اسے بھی یہ چیزیں چاہئیں مثلاً ٹی وی' فریج وغیرہ۔ آپ وسیم کے دوست ہیں' اگر آپ کو چاہئیں تو آپ کو بھی دلوا دوں گا۔ میں کام میں مصروف تھا لیکن اس بات پر چونکنا ہو کر کام چھوڑ کر بیٹھ گیا۔ اب میں دیکھنا چاہتا تھا کہ وہ کس طریقے سے فراڈ کرے گا۔ میں نے ٹی وی' فریج وغیرہ کے ریٹ پوچھے' جن کی مارکیٹ قیمت کا مجھے اندازہ تھا۔ اس نے ناقابلِ یقین کم ریٹ بتائے اور کہا کہ آج نیلامی کا آخری دن ہے۔ اگر آپ دس فیصد رقم دے دیں تو میں ابھی آپ کی چیزیں بک کروا دیتا ہوں۔ مجھے اس کا یہ فراڈ تو سمجھ آ گیا تھا لیکن مجھے ڈر تھا کہ اس کی چادر میں کوئی ہتھیار نہ ہو اور میں دفتر میں اکیلا تھا۔ میں نے کہا: ٹھیک ہے' میرے بھائی کو بھی یہ چیزیں چاہئیں' ہم اکٹھے ہی خرید لیتے ہیں۔ یہ کہہ کر جیسے ہی میں نے فون کی طرف ہاتھ بڑھایا' وہ اتنا تجربہ کار ٹھگ تھا کہ سمجھ گیا کہ میں کسی کو بلاؤں گا۔ وہ اچھلا اور ایک سیکنڈ میں میرے دفتر سے بھاگتا ہوا نکل گیا۔ میں نے بھی اسے نہیں روکا بلکہ شکر کیا کہ ٹھگ اور اچکے سے نجات ملی۔

زبان دان رہنمائی کریں کہ ٹھگ اور اچکے کی مونث کیا ہے۔ کیا میں ٹھگنی اور اچکی کہہ لوں؟ مجھے ان کے بھی واقعات سنانے ہیں۔

# SHOWBIZ شوبز

## پاکستان آنے کے بعد 1 ماہ میں ڈرائیونگ کے 6 جرمانے ہو چکے ہیں

### ای چلان نظام کے نافذ ہو جانے کی وجہ سے درپیش مشکلات بتائیں، صنم جنگ

کراچی (این این آئی) میزبان و اداکارہ صنم جنگ نے بتایا ہے کہ مجھے پاکستان آئے 1 ماہ ہو گیا ہے اس دوران مجھ پر 6 بار ڈرائیونگ کا جرمانہ لگ چکا ہے، ایسی چیزوں پر بھی جرمانہ ہوا جو میں نے کی ہی نہیں۔ سوشل میڈیا سائٹ انسٹاگرام پر شیئر ویڈیو میں صنم جنگ نے کراچی میں ای چلان نظام کے نافذ ہو جانے کی وجہ سے درپیش مشکلات بتائیں۔ انہوں نے بتایا کہ 1 مہینے میں مجھ پر 6 جرمانے ہونے پر میرے ابو بہت غصے میں ہیں۔ اداکارہ نے بتایا کہ پہلی بار جو جرمانہ ہوا، وہ فون پر بات کرنے پر ہوا جو کہ میری غلطی تھی، میں فون پر بات کر رہی تھی تو سمجھ آتی ہے کہ جرمانہ بنتا تھا لیکن اس کے بعد مجھ پر ایسی چیزوں کے بھی جرمانے ہو رہے ہیں جو میں نے کی ہی نہیں جیسے کہ سیٹ بیلٹ نہ پہننے پر بھی جرمانہ ہوا۔ انہوں نے بتایا کہ میں سیٹ بیلٹ ہمیشہ پہن کر رکھتی ہوں کیونکہ پاکستان سے باہر رہنے کی وجہ سے یہ میری عادت بنی ہوئی ہے، میں سیٹ بیلٹ پہننے کے بعد ہی گاڑی چلانا اسٹارٹ کرتی ہوں۔

## ہیرا پھیری 3 سے علیحدگی کا معاملہ ذاتی اختلاف، معاہدے سے متعلق تھا

### قانونی نوٹس موصول ہوا تو سوچا فلم بنانے آیا ہوں، قانونی تنازعات میں الجھنے نہیں، پاریش راول

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکار پاریش راول نے فلم ہیرا پھیری 3 سے علیحدگی کے بعد اکشے کمار کی جانب سے بھیجے گئے قانونی نوٹس کی وجہ بیان کرتے ہوئے کہا ہے کہ معاملہ ذاتی اختلاف نہیں بلکہ معاہدے سے متعلق تھا۔ ایک انٹرویو میں پاریش راول نے کہا کہ میرا فلم چھوڑنے کا تعلق اکشے کمار کے ساتھ کام کرنے میں کسی قسم کی ناخوشی سے نہیں تھا، ہیرا پھیری فرنچائز کے واحد مالک پروڈیوسر فیروز ناڈیاڈوالا ہیں، اس لئے ان کی منظوری کے بغیر میں فلم کیلئے حتمی رضامندی نہیں دے سکتا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ جب مجھے قانونی نوٹس موصول ہوا تو میں نے سوچا کہ میں فلم بنانے آیا ہوں، قانونی تنازعات میں الجھنے نہیں۔

## کبھی نہیں لگا تھا ٹوٹے دل کے ٹکڑے مزید بکھر سکتے ہیں

### سیلینا جیٹلی نے قانونی تنازع کے دوران ڈپریشن، بچوں سے جدائی پر دل کا حال بیان کر دیا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ سیلینا جیٹلی نے سابق شوہر پیٹر ہیگ کیساتھ جاری قانونی تنازع کے دوران ڈپریشن اور اپنے بچوں سے جدائی کے درد پر جذباتی پیغام شیئر کیا ہے۔ 44 سالہ اداکارہ نے انسٹاگرام پر پرانی ویڈیو شیئر کی جس میں وہ اپنے 3 بیٹوں کے ساتھ خوش گوار لمحات گزارتی نظر آ رہی ہیں۔ ویڈیو پر درج تحریر میں انہوں نے لکھا مجھے کبھی نہیں لگا تھا کہ ٹوٹے ہوئے دل کے ٹکڑے بھی مزید بکھر سکتے ہیں، میں اپنے تینوں بیٹوں کو بے حد یاد کرتی ہوں، امید ہے کہ ایک دن میں دوبارہ اپنے بچوں کے ساتھ ہوں گی۔ پوسٹ کیپشن میں سیلینا جیٹلی نے لکھا کہ لوگ مجھے مضبوط سمجھتے ہیں، لیکن حقیقت یہ ہے کہ دکھ اور صدموں نے مجھے بار بار توڑا، انہی مشکلات نے مجھے خود کو سنبھالنا اور زخموں سے نکلنا سکھایا، مگر جب بھی لگتا ہے کہ میں سنبھل گئی ہوں، پرانے زخم پھر سے تازہ ہو جاتے ہیں۔

## سونم وانگ چک جو کام کر رہے ہیں وہ قابل احترام ہے

### 3 ایڈیٹس میں رنچھوڑ کا کردار سونم وانگ چک کی شخصیت پر مبنی نہیں تھا، عامر خان

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکار عامر خان نے کا ہے کہ 3 ایڈیٹس میں رنچھوڑ کا کردار سونم وانگ چک کی شخصیت پر مبنی نہیں تھا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق عامر خان نے لندن انڈین فلم فیسٹیول میں فلم لگان کی ریلیز کے 25 سال مکمل ہونے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جب فلم 3 ایڈیٹس بنائی جا رہی تھی، اس وقت نہ میں اور نہ ہی فلم کے مصنفین راجو ہیرانی اور ابھیجیت جوشی سونم وانگ چک کو جانتے تھے۔ عامر خان کے مطابق یہ تاثر درست نہیں کہ رنچھوڑ داس کا کردار سونم وانگ چک سے متاثر ہو کر تخلیق کیا گیا۔ عامر خان نے کہا کہ سونم وانگ چک جو کام کر رہے ہیں وہ قابل احترام ہے اور ان کی خدمات کی قدر کرنے کیلئے یہ ضروری نہیں کہ ان کا تعلق فلم کے کسی کردار سے جوڑا جائے۔ سونم وانگ چک کی صحت سے متعلق سوال پر عامر خان نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سب لوگ ان کی صحت اور زندگی کے حوالے سے فکر مند ہیں۔

## معمر رانا کی نئی ویڈیو وائرل، مداح فٹ و صحت مند دکھائی دینے پر خوش

کراچی (این این آئی) اداکار معمر رانا کی نئی ویڈیو سوشل میڈیا پر توجہ کا مرکز بن گئی۔ نئی ویڈیو میں معمر رانا پراعتماد، متوازن اور خوش لباس نظر آئے جس کے بعد سوشل میڈیا پر ان کی ظاہری حالت میں مثبت تبدیلی پر تبصرے کیے جا رہے ہیں۔ ویڈیو پر ردعمل دیتے ہوئے ایک صارف نے لکھا کہ کافی عرصے بعد وہ نارمل اور متوازن نظر آ رہے ہیں، ایک اور صارف نے تبصرہ کیا کہ اتنے عرصے بعد انہیں اس حالت میں دیکھ کر خوشی ہوئی، ایک اور صارف کے مطابق وہ دوبارہ فٹ اور صحت مند دکھائی دے رہے ہیں۔

## رجب بٹ کو کون جانتا ہے؟ فہد مصطفیٰ بڑے ہیرو ہیں، وسیم عباس

کراچی (این این آئی) سینئر اداکار وسیم عباس نے کہا ہے کہ رجب بٹ کو کون جانتا ہے؟ فہد مصطفیٰ بڑے ہیرو ہیں۔ پوڈ کاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے وسیم عباس نے کہا کہ اگر کوئی فہد مصطفیٰ کو نہیں جانتا تو شائد وہ جنگل میں رہتا ہوگا، میں شرط لگا سکتا ہوں کہ میں نے آج تک رجب بٹ کی ایک بھی ویڈیو یا کلپ نہیں دیکھا۔ انہوں نے کہا کہ فہد مصطفیٰ گیم شو کی وجہ سے ملک بھر میں پہچانے جاتے ہیں، رجب بٹ یقیناً یوٹیوب پر بڑے سٹار ہو سکتے ہیں، میں اس سے انکار نہیں کرتا، لیکن فہد مصطفیٰ کو بھی فیملی وی لاگرز کے بارے میں ایسا بیان نہیں دینا چاہئے تھا۔

## ڈراموں کے اسکرپٹس اے آئی کی مدد سے تیار کیے جا رہے ہیں، مہر بانو

### می ٹو تحریک کے بعد بھی خواتین کے لیے کام کی جگہ مکمل طور پر محفوظ نہیں ہو سکی، اداکارہ

کراچی (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ، ڈیکیتھلن کری ایٹر اور ڈانسر مہر بانو نے انکشاف کیا ہے کہ اس وقت ٹی وی پر نشر ہونے والے متعدد ڈراموں کے اسکرپٹس مصنوعی ذہانت (AI) کی مدد سے تیار کیے جا رہے ہیں، جس سے پیشہ ور مصنفین کی محنت اور صلاحیتوں کی بے توقیری ہو رہی ہے۔ مہر بانو نے حالیہ گفتگو میں کہا کہ لوگوں کو اندازہ ہی نہیں کہ اس وقت ٹی وی پر نشر ہونے والے کتنے ہی ڈراموں کے اسکرپٹس مصنوعی ذہانت سے تیار کیے جا رہے ہیں، میں خود بھی ایسے ایک پروجیکٹ پر کام کر چکی ہوں، یہ ان پروفیشنل رائٹرز کی سخت توہین ہے

## گلوکارہ نمرہ مہرہ نے اپنے آئیڈیل شوہر کی خصوصیات بیان کر دیں

### مادی آسائشوں سے زیادہ شخصیت اور اخلاق کو اہمیت دیتی ہوں، نمرہ مہرہ

لاہور (این این آئی) پاکستانی معروف گلوکارہ نمرہ مہرہ نے اپنے آئیڈیل شوہر کی خصوصیات بیان کر دیں۔ نمرہ مہرہ نے اپنے فنی سفر کا آغاز مختلف ٹیلی وژن پروگرامز سے کیا، ابتدائی دنوں میں منفرد انداز میں موسیقی پیش کرنے کے باعث توجہ کا مرکز بنیں، گانے ماہیہ وے کی کامیابی نے انہیں شہرت کی نئی بلندیوں تک پہنچایا۔ آج کل وہ مختلف ڈراموں کے اوایس ٹی گانے کے ساتھ ساتھ تعلیمی اداروں اور ثقافتی میلوں میں بھی اپنی پرفارمنس سے مداحوں کو محظوظ کر رہی ہیں۔ حال ہی میں نمرہ مہرہ نے نجی ٹی وی چینل کے پروگرام میں بطور مہمان شرکت کی۔

# SPORTS سپورٹس

## فیفا ورلڈ کپ، فرانس اور انگلینڈ (آج) برونز فائنل میں مدمقابل

### تیسری پوزیشن کے میچ میں کے گولز گولڈن بوٹ کی دوڑ میں شمار ہوتے ہیں

نیویارک (این این آئی) فیفا ورلڈ کپ 2026ء میں فرانس اور انگلینڈ آج ہفتے کے روز تیسری پوزیشن کے پلے آف میچ (برونز فائنل) میں ایک دوسرے کے مدمقابل ہوں گے۔ سیمی فائنل میں شکست کے بعد دونوں ٹیموں کے لیے یہ ٹورنامنٹ کا آخری میچ ہو گا۔ تیسری پوزیشن کا پلے آف میچ سیمی فائنل میں ہارنے والی ٹیموں کو پوڈیم پر جگہ بنانے اور کانسی کا تمغہ حاصل کرنے کا ایک آخری موقع فراہم کرتا ہے۔ اس میچ کے انعقاد کا مقصد جہاں شائقین کو ایک اور بڑا مقابلہ دیکھنے کا موقع فراہم کرنا ہے، وہیں یہ فیفا اور براڈ کاسٹرز کے لی

## بقیہ 1

آغا ظہیر عباس شیرازی نے ہر درخواست کو توجہ سے سنا اور متعدد معاملات پر موقع پر ہی متعلقہ افسران کو فوری کارروائی کی ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ عوام کو بروقت اور معیاری سرکاری خدمات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ دفتری امور میں غیر ضروری تاخیر، سائلین کو درپیش مشکلات اور عوامی شکایات کے ازالے میں کسی قسم کی غفلت یا لاپروائی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے ماتحت افسران اور عملے کو ہدایت کی کہ وہ سائلین کے مسائل کو ذاتی دلچسپی سے حل کریں، عوام کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں اور تمام درخواستوں کو مقررہ وقت میں نمٹانے کو یقینی بنائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے اس امر پر بھی زور دیا کہ اوپن ڈور پالیسی کا مقصد شہریوں کو بلاواسطہ ضلعی انتظامیہ تک رسائی فراہم کرنا اور ان کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا ہے۔

## بقیہ 2

میں آندھی، گرج چمک اور وقفے وقفے سے بارشوں کا امکان ہے جبکہ بعض مقامات پر موسلا دھار بارش بھی ہو سکتی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق 19 جولائی شام/رات سے 23۔ جولائی کے دوران کشمیر میں مختلف مقامات پر آندھی، گرج چمک اور وقفے وقفے سے بارش ہوگی جبکہ چند علاقوں میں موسلا دھار بارش کا بھی امکان ہے۔ خیبر پختونخواہ کے بیشتر اضلاع میں گرج چمک کے ساتھ بارش اور چند مقامات پر شدید بارش متوقع ہے۔ اسی طرح پنجاب اسلام آباد، راولپنڈی، مری، گلیات، اٹک، چکوال، جہلم، لاہور اور دیگر بالائی اضلاع میں آندھی اور گرج چمک کے ساتھ وقفے وقفے سے بارش کی پیش گوئی کی گئی ہے جبکہ بعض علاقوں میں موسلا دھار بارش ہو سکتی ہے۔ گلگت بلتستان میں بھی 18 جولائی سے 25 جولائی کے دوران گرج چمک کے ساتھ بارش متوقع ہے۔ محکمہ موسمیات نے خبردار کیا ہے کہ تیز آندھی اور آسمانی بجلی گرنے کے باعث کمزور شہیرات، سولر پینلز، بجلی کے کھمبوں اور بل بورڈز کو نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔ موسلا دھار بارشوں کے باعث اسلام آباد اور راولپنڈی کے نشیبی علاقوں میں شہری سیلاب کی صورتحال بھی پیدا ہو سکتی ہے۔

## بقیہ 3

شکایات موصول ہوتے ہی بی آئی ایس پی اسلام آباد ہیڈ آفس کی مانیٹرنگ ٹیم نے فوری کارروائی کرتے ہوئے متعلقہ ریٹیلرز کے خلاف تحقیقات کا آغاز کیا اور متاثرہ مستحقین کو اپنی نگرانی میں تمام ضروری مراحل سے گزارنا شروع کر دیا۔ حکام کے مطابق کسی بھی مستحق فرد سے رجسٹریشن، تصدیق، ادائیگی یا ڈیجیٹل والیٹ اکاؤنٹ کے حوالے سے اضافی رقم وصول کرنا غیر قانونی ہے اور ایسے عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائی جاری رہے گی۔ بی آئی ایس پی انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ مستحقین کو تمام سہولیات شفاف، محفوظ اور بلا معاوضہ فراہم کرنا ادارے کی اولین ترجیح ہے۔ اس مقصد کے لیے راجن پور کی تینوں تحصیلوں میں بی آئی ایس پی کے دفاتر قائم ہیں تاکہ مستحقین کو تمام خدمات ایک ہی جگہ پر آسانی سے دستیاب ہوں اور ادائیگیوں، رجسٹریشن، بائیومیٹرک تصدیق اور دیگر مراحل میں مکمل شفافیت برقرار رکھی جا سکے۔ ان دفاتر کے قیام سے عوام کو ریٹیلرز پر غیر ضروری انحصار سے بھی نجات ملے گی اور شکایات کے فوری ازالے میں مدد ملے گی۔ بی آئی ایس پی حکام نے عوام سے اپیل کی ہے کہ اگر کوئی شخص یا ریٹیلر کسی بھی قسم کی فیس، کمیشن یا اضافی رقم کا مطالبہ کرے تو فوری طور پر متعلقہ بی آئی ایس پی دفتر یا متعلقہ حکام کو اطلاع دیں تاکہ ذمہ دار افراد کے خلاف فوری قانونی کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔ حکام کا کہنا ہے کہ عوام کا تعاون اس مہم کی کامیابی کے لیے انتہائی اہم ہے اور ہر شکایت کو سنجیدگی سے لیا جائے گا۔ بی آئی ایس پی حکام کے مطابق ضلع راجن پور میں اس وقت تقریباً ایک لاکھ 51 ہزار گھرانے پروگرام میں رجسٹرڈ ہیں، جنہیں حکومتی مالی معاونت باقاعدگی سے فراہم کی جا رہی ہے۔ ادارے کا عزم ہے کہ تمام مستحقین کو ان کا حق بغیر کسی کٹوتی اور مکمل شفافیت کے ساتھ فراہم کیا جائے اور ایسے تمام عناصر کا خاتمہ کیا جائے جو مستحق خاندانوں کا استحصال کر رہے ہیں۔ حکام نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بی آئی ایس پی ایک عوام دوست اور شفاف ادارے کے طور پر اپنی ذمہ داریاں ادا کرتا رہے گا، جبکہ فراڈ، بدعنوانی اور مستحقین کے استحصال میں ملوث افراد کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت سخت ترین اقدامات جاری رکھے جائیں گے تاکہ عوام کا اعتماد برقرار رہے اور حکومتی فلاحی پروگراموں کے ثمرات حقیقی حق داروں تک بلا رکاوٹ پہنچ سکیں۔

## بقیہ 4

ہسپتال پہنچنے پر ساتھی ملازمین اور عملے نے غمزدہ ماحول میں مرحوم کی میت پر پھولوں کی چادر چڑھا کر اسے خراجِ عقیدت پیش کیا، جس سے وہاں موجود ہر شخص آبدیدہ ہو گیا۔ پولیس یا متعلقہ حکام کی جانب سے تاحال موت کی وجہ کے بارے میں کوئی حتمی بیان جاری نہیں کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق موت کی اصل وجہ پوسٹ مارٹم رپورٹ اور تفتیش مکمل ہونے کے بعد ہی واضح ہو سکے گی، اس لیے کسی بھی وجہ کو اس مرحلے پر حتمی قرار نہیں دیا جا سکتا۔ دوسری جانب ذرائع کا کہنا ہے کہ متوفی گزشتہ کچھ عرصے سے مالی مشکلات کا شکار تھا اور اس پر قابلِ ذکر قرض بھی موجود تھا، تاہم اس حوالے سے بھی کوئی سرکاری تصدیق سامنے نہیں آئی اور نہ ہی تفتیشی اداروں نے اسے واقعے سے جوڑا ہے۔ ادھر ذرائع نے ایک اور اہم پہلو کی نشاندہی کرتے ہوئے بتایا کہ نجی کمپنیوں کے تحت کام کرنے والے صفائی عملے کو گوجر خان سمیت پنجاب کے مختلف اضلاع میں گزشتہ کئی ماہ سے بروقت تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے باعث شدید مالی پریشانی کا سامنا ہے۔ ملازمین کا کہنا ہے کہ تنخواہوں میں مسلسل تاخیر نے متعدد خاندانوں کو معاشی بحران سے دوچار کر رکھا ہے۔ تاہم اسماعیل کی موت اور تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے درمیان کسی تعلق کی تاحال سرکاری طور پر تصدیق نہیں ہوئی۔ پولیس اور متعلقہ ادارے واقعے کی مختلف پہلوؤں سے تحقیقات کر رہے ہیں، جبکہ لواحقین، ساتھی ملازمین اور شہری حلقے پوسٹ مارٹم رپورٹ اور تحقیقات کے نتائج کے منتظر ہیں، جن سے اس پراسرار واقعے کے اصل حقائق سامنے آنے کی توقع کی جا رہی ہے۔

## بقیہ 5

کسی بھی چیز کی قیمت میں ایک روپیہ تک کی دیکھنے میں نہیں آئی۔ یوں عوام کو ریلیف دینے کے تمام دعوے ہوا میں تحلیل ہوتے دکھائی دے رہے ہیں۔ گوجر خان کی ماریکٹوں میں سرکاری نرخنامہ عملاً بے معنی ہو چکا ہے۔ بینگن 200، اروی 250، بند گوبھی 200، بھنڈی 200 سے 300، پھول گوبھی 250، ٹینڈا 250، چقندر 200، توری 250، شملہ مرچ 350، کریلا 200، کھیرا اور ٹماٹر 300، کدو 250، دیسی لیموں 300 روپے فی کلو جبکہ دھنیا اور پودینہ 150 روپے فی گڈی فروخت کیے جا رہے ہیں۔ آڑو 300، آم 250، جامن 300، آلو بخارہ 600 روپے فی کلو اور کیلا 300 روپے درجن فروخت ہو رہا ہے۔ شہریوں کے مطابق بیشتر اشیاء سرکاری نرخنامے سے 100 سے 120 روپے فی کلو زائد قیمت پر فروخت ہو رہی ہیں، مگر پرائس کنٹرول کا نظام مکمل طور پر بے بس دکھائی دیتا ہے۔ صورتحال صرف پھل اور سبزیوں تک محدود نہیں۔ چکن 600 سے 650 روپے فی کلو، بیف 1200 سے 1400 روپے اور مٹن 2400 روپے فی کلو فروخت کیا جا رہا ہے۔ یہ قیمتیں سرکاری نرخنامے سے کہیں زیادہ ہیں۔ شہریوں کے مطابق چکن تقریباً 100 سے 120 روپے، بیف 300 سے 400 روپے جبکہ مٹن 600 روپے یا اس سے بھی زائد مہنگا فروخت ہو رہا ہے، لیکن متعلقہ ادارے اس کھلی خلاف ورزی پر مؤثر کارروائی کرنے میں ناکام دکھائی دیتے ہیں۔ شہریوں نے قصابوں کے طرزِ عمل پر بھی شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ چکن کا وزن چھچھڑوں اور اضافی فضلہ سمیت کیا جاتا ہے، مگر قیمت خالص گوشت کی وصول کی جاتی ہے۔ بعد ازاں صفائی کے دوران 100 سے 150 گرام تک گوشت کم ہو جاتا ہے، جس کا نقصان براہِ راست صارف کو برداشت کرنا پڑتا ہے۔ عوام کا کہنا ہے کہ یہ عمل کھلا استحصال ہے، مگر اس کے باوجود متعلقہ اداروں کی خاموشی کئی سوالات کو جنم دے رہی ہے۔ دوسری جانب سبزی اور پھل فروشوں کا کہنا ہے کہ اصل مسئلہ منڈی سے شروع ہوتا ہے۔ ان کے مطابق آڑتی خود سرکاری نرخنامے سے زیادہ قیمت وصول کرتے ہیں، جبکہ مارکیٹ کمیٹی کی جانب سے جاری کردہ نرخنامہ زمینی حقائق سے مطابقت نہیں رکھتا۔ ان کا مؤقف ہے کہ پرائس مجسٹریٹس اصل ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کے بجائے صرف چھوٹے دکانداروں پر جرمانے کر کے خانہ پری کرتے ہیں، جس سے دکاندار اور صارف آمنے سامنے آ جاتے ہیں اور روزانہ تلخ کلامی اور جھگڑوں کے واقعات جنم لیتے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ مہنگائی پہلے ہی سفید پوش اور دیہاڑی دار طبقے کی کمر توڑ چکی ہے۔ بجلی کے بھاری بھرکم بل، مہنگی اشیائے ضروریہ اور مسلسل بڑھتے گھریلو اخراجات نے ہزاروں خاندانوں کو شدید مالی بحران میں دھکیل دیا ہے۔ ایک وقت تھا جب پھل اور گوشت صحت کی ضرورت سمجھے جاتے تھے، مگر آج یہ اشیاء عام آدمی کے لیے عیاشی بنتی جا رہی ہیں۔ متعدد سفید پوش خاندان مجبوری کے تحت اپنی بنیادی غذائی ضروریات پوری کرنے سے بھی قاصر ہیں۔ شہریوں نے کمشنر و ڈی سی راولپنڈی اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان، انچارج پیرا فورس، پرائس مجسٹریٹس سے مطالبہ کیا ہے کہ سبزی منڈی میں بولی کے عمل کی خود نگرانی کی جائے، آڑتیوں، ذخیرہ اندوزوں اور ناجائز منافع خوروں کے خلاف بلا امتیاز کریک ڈاؤن کیا جائے، سرکاری نرخنامے کو حقیقی معنوں میں نافذ کیا جائے اور پرائس کنٹرول کے نظام کو صرف فوٹو سیشن اور کاغذی کارروائی تک محدود رکھنے کے بجائے عملی اور مؤثر بنایا جائے۔ شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ اگر انتظامیہ نے اب بھی مؤثر اقدامات نہ کیے تو مہنگائی کی چکی میں پستی عوام کے لیے زندہ رہنا مزید مشکل ہو جائے گا۔ عوام کا مطالبہ ہے کہ ریلیف کے حکومتی دعوؤں کو زمینی حقیقت بنایا جائے، کیونکہ خالی اعلانات سے نہ دسترخوان آباد ہوتے ہیں اور نہ ہی سفید پوش خاندانوں کے چولہے جلتے ہیں۔

## بقیہ 6

نے بڑی تعداد میں شرکت کی احتجاجی کیمپ میں جماعت اسلامی کندھ کوٹ کے امیر غلام مصطفیٰ میرانی، شہری اتحاد کندھ کوٹ کے صدر ڈاکٹر مہر چند سمیت مختلف تنظیموں کے رہنما موجود تھے۔ شرکاء نے پریا کماری، اجالا سولنگی، فضیلہ سرکی اور دیگر لاپتا بچوں کی تصاویر، بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے، جن پر ان کی فوری اور محفوظ بازیابی کے مطالبات درج تھے۔ اس دوران شرکاء نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مؤثر اقدامات کا مطالبہ کرتے ہوئے نعرے بازی بھی کی اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ سندھ کے مختلف اضلاع سے لاپتا ہونے والے معصوم بچوں کی تعداد تشویشناک ہے اور متعدد خاندان برسوں سے اپنے پیاروں کی واپسی کے منتظر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پریا کماری، اجالا سولنگی، فضیلہ سرکی سمیت تقریباً 20 لاپتا بچوں کی بازیابی ریاستی اداروں کی آئینی، قانونی اور اخلاقی ذمہ داری ہے، تاہم متعلقہ اداروں کی جانب سے اب تک کوئی ایسا نتیجہ سامنے نہیں آیا جس سے متاثرہ خاندانوں کی بے چینی کا خاتمہ ہو سکے۔ رہنماؤں نے کہا کہ بچوں کا تحفظ ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے اور ایسے حساس معاملات میں فوری، شفاف اور مؤثر کارروائی ناگزیر ہے۔ انہوں نے وفاقی اور سندھ حکومت، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ لاپتا بچوں کی بازیابی کے لیے خصوصی اقدامات کیے جائیں تحقیقات کو تیز کیا جائے اور تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا کر بچوں کو بحفاظت ان کے اہل خانہ تک پہنچایا جائے مقررین نے مزید کہا کہ ہر بلوچ بائی پاس پر جاری دھرنا عوامی احساسات کی ترجمانی کر رہا ہے اور اس کی حمایت میں سندھ کے مختلف شہروں میں احتجاجی سرگرمیاں جاری رہیں گی۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر لاپتا بچوں کی بازیابی کے لیے عملی پیش رفت نہ ہوئی تو احتجاجی تحریک کا دائرہ مزید وسیع کیا جائے گا اور آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان بھی کیا جائے گا احتجاجی کیمپ کے اختتام پر شرکاء نے پریا کماری، اجالا سولنگی، فضیلہ سرکی سمیت سندھ بھر سے لاپتا تمام بچوں کی جلد، محفوظ اور باعزت بازیابی کے لیے دعا کی اور حکومت سے مطالبہ کیا کہ متاثرہ خاندانوں کو انصاف فراہم کرنے کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کیے جائیں۔

## بقیہ 7

تھے جن پر پریا کماری کی فوری بازیابی کے مطالبات درج تھے۔ اس موقع پر شرکاء نے حکومت اور متعلقہ اداروں کے خلاف نعرے بازی کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ معصوم بچی کو جلد از جلد بازیاب کر کے اس کے اہل خانہ کے حوالے کیا جائے۔ احتجاجی مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے جنقم کے رہنماؤں نے کہا کہ پریا کماری کی گمشدگی کو چھ سال گزر چکے ہیں، مگر افسوسناک امر یہ ہے کہ اب تک اس کا کوئی سراغ نہیں لگایا جا سکا۔ انہوں نے کہا کہ ایک معصوم بچی کے اہل خانہ گزشتہ کئی برسوں سے انصاف کے منتظر ہیں، لیکن متعلقہ اداروں کی جانب سے مؤثر اقدامات نہ ہونے کے باعث عوام میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ رہنماؤں نے وفاقی اور سندھ حکومت، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ پریا کماری کی بازیابی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر کارروائی کی جائے، واقعے میں ملوث عناصر کو قانون کے مطابق سخت سزا دی جائے اور متاثرہ خاندان کو فوری انصاف فراہم کیا جائے۔ انہوں نے متنبہ کیا کہ اگر پریا کماری کو جلد بازیاب نہ کیا گیا تو جنقم احتجاجی تحریک کو مزید حکومت پر عائد ہوگی۔

## بقیہ 8

روانی کو برقرار رکھنے اور حادثات کی روک تھام کے لیے اسلام آباد ٹریفک پولیس کی جانب سے لین وائیلیشن کے خلاف خصوصی انفورسمنٹ مہم بھرپور انداز میں جاری ہے۔ اس مہم کے دوران گزشتہ ایک ہفتے میں لین کی خلاف ورزی کرنے والے 5,000 سے زائد ڈرائیورز کے خلاف قانونی کارروائی کرتے ہوئے چالان ٹکٹ جاری کیے گئے، جبکہ اسلام آباد ٹریفک پولیس کے ایجوکیشن ونگ نے شہر کی مختلف شاہراہوں، تعلیمی اداروں اور عوامی مقامات پر خصوصی آگاہی مہم کے ذریعے ایک لاکھ سے زائد شہریوں کو لین ڈسپلن، روڈ سیفٹی اور ٹریفک قوانین کی اہمیت سے آگاہ کیا۔ شہریوں میں ٹریفک قوانین سے متعلق شعور اجاگر کرنے کے لیے اسلام آباد ٹریفک پولیس کے زیر اہتمام آگاہی واک کا بھی انعقاد کیا گیا، جو جناح ایونیو سے ایکسپریس چوک تک نکالی گئی۔ واک میں چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کائنات اظہر خان، ڈائریکٹر آئی ٹی پی ایف ایم عائشہ جمیل، سول سوسائٹی کے نمائندگان، صحافیوں، طلبہ و طالبات اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کے عزم کا اظہار کیا۔ آگاہی واک کے اختتام سی ٹی او اسلام آباد نے کہا کہ لین وائیلیشن، رانگ وے ڈرائیونگ، بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل چلانا، غیر نمونہ نمبر پلیٹس، غلط پارکنگ اور اوورلوڈنگ نہ صرف ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی ہیں بلکہ یہ اپنی اور دوسروں کی جانوں کو بھی شدید خطرے میں ڈالتی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد ٹریفک پولیس شہریوں کی سہولت اور محفوظ سفر کے لیے مسلسل کوشاں ہے۔ ٹریفک قوانین کی سنگین خلاف ورزیوں پر بلا امتیاز قانونی کارروائیاں جاری رکھے گی اور کسی کو بھی شہریوں کی جان و مال کو خطرے میں ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ سی ٹی او اسلام آباد نے مزید کہا کہ روڈ سیفٹی ورکشاپس، آگاہی واکس اور دیگر تعلیمی سرگرمیوں کا مقصد شہریوں میں ٹریفک قوانین سے متعلق شعور بیدار کرنا اور ذمہ دارانہ ڈرائیونگ کے کلچر کو فروغ دینا ہے۔ شہری لین ڈسپلن کی پابندی کریں، رانگ وے سے اجتناب کریں، ہیلمٹ اور سیٹ بیلٹ کا استعمال یقینی بنائیں، جبکہ غیر نمونہ نمبر پلیٹس، غلط پارکنگ اور اوورلوڈنگ سے گریز کریں تاکہ محفوظ اور منظم ٹریفک نظام کو فروغ دیا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد ٹریفک پولیس کا ایجوکیشن ونگ شہر بھر میں روڈ سیفٹی سے متعلق آگاہی سرگرمیاں مسلسل جاری رکھے ہوئے ہے، جبکہ ٹریفک کی روانی میں رکاوٹ بننے والے اور قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائیاں بھی جاری رہیں گی۔ اسلام آباد ٹریفک پولیس نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ٹریفک قوانین پر عمل کرتے ہوئے قانون نافذ کرنے والے اداروں سے تعاون کریں تاکہ وفاقی دارالحکومت کو محفوظ، منظم اور حادثات سے پاک شہر بنایا جا سکے۔

## بقیہ 9

اسناد سے نوازا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ان پولیس افسران نے فرض شناسی، ایمانداری اور بھرپور لگن کے ساتھ اپنے فرائض منصبی سرانجام دیے۔ اسلام آباد پولیس کا وقار انہی افسران کی بدولت ہے جو ایمانداری، خلوصِ نیت اور پیشہ ورانہ عزم کے ساتھ ہر چیلنج کا سامنا کرتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بہادری، تہذیب اور شفافیت اسلام آباد پولیس کے امتیازی نشان ہونے چاہئیں۔ تمام افسران بھرپور ایمانداری، فرض شناسی، جانفشانی اور بہادری سے اپنے فرائض منصبی سرانجام دیں۔ آپ سب لوگ ایک بہترین پولیس فورس کا حصہ ہیں، اس موقع پر تمام افسران نے تعریفی اسناد کے حصول کو قابل ستائش قرار دیا۔

## بقیہ 10

ملتے ہی تھانہ پیر ودھائی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور شواہد اکٹھے کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا، پولیس نے ملزمان کی شناخت اور گرفتاری کے لیے علاقے میں نصب قریبی سی سی ٹی وی کیمروں کی فوٹیجز کا جائزہ لینا بھی شروع کر دیا ہے۔

## بقیہ 11

تھانہ پائی خیل نے واقعہ کا مقدمہ درج کر لیا اور ملزم کی تلاش میں مصروف تفتیش ہے۔

## بقیہ 12

نے بنوں آپریشن کے دوران 24 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور بہادری کو خراج تحسین پیش کیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں امن و امان کے قیام کے لیے سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں انتہائی قابل تحسین ہیں اور ملک میں مستقل امن و استحکام کے لیے ایسے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز ناگزیر ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ سیکیورٹی فورسز کے افسران اور جوان ہمارے سر کا تاج اور اصل ہیرو ہیں اور پوری قوم کو اپنے ان جری سپوتوں پر فخر ہے جنہوں نے بھارتی سپانسرڈ دہشت گردوں کا صفایا کیا۔ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ بنوں آپریشن کی کامیابی ارض وطن کو دہشت گردی کے ناسور سے ہر صورت پاک کرنے کے پختہ عزم کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

## بقیہ 13

کی سرکاری نرخوں پر فروخت یقینی بنائی جائے اور من مانی قیمتیں وصول کرنے والے ڈیلرز کے خلاف فوری کارروائی کی جائے۔ دوسری جانب دکانداروں کا کہنا ہے کہ مہنگی گیس خرید کر سستے داموں فروخت نہیں کر سکتے، حکومت پلانٹس اور ڈسٹری بیوٹرز کے خلاف کارروائی کرے۔

## بقیہ 14

ناصر رضوی نے ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز محمد عتیق طاہر اور ایس ایس پی انوسٹی گیشن محمد عثمان طارق بٹ کے ساتھ ایک اہم اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں تھانہ امور، تفتیشی نظام میں مزید بہتری، زیرِ تفتیش مقدمات کی پیش رفت، مقدمات کے بروقت یکسو ہونے اور مجموعی کارکردگی سے متعلق مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ آئی جی اسلام آباد نے افسران کو ہدایت کی کہ تفتیشی عمل کو مزید مؤثر، شفاف اور پیشہ ورانہ بنایا جائے تاکہ شہریوں کو بروقت اور بلاامتیاز انصاف کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ زیرِ التوا مقدمات کو میرٹ پر جلد از جلد نمٹایا جائے اور ہر کیس کی تفتیش جدید تقاضوں کے مطابق مکمل کی جائے۔ مزید برآں، آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق، ایڈیشنل آئی جی لیگل طاہر کاظم اور ایس پی کمپلینٹس/صدر زون خالد محمود اعوان کے ساتھ بھی ایک اہم اجلاس کیا۔ اجلاس میں اسلام آباد پولیس کے قانونی امور، شہریوں کی شکایات کے مؤثر اور بروقت ازالے، عوامی خدمت کے معیار میں مزید بہتری، شفافیت، جوابدہی اور پیشہ ورانہ پولیسنگ سے متعلق اہم معاملات کا جائزہ لیا گیا۔ آئی جی اسلام آباد نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے۔

## بقیہ 15

عزائم ناکام بنانے والے سیکیورٹی فورسز کی جرأت و بہادری قابلِ تحسین ہے۔ بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشتگردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائیاں ان کی پیشہ ورانہ مہارت اور عزم کا مظہر ہے۔

## بقیہ 16

مطابق پاکستانیوں کو پرکشش نوکریوں کا لالچ دے کر پہلے وزٹ ویزا پر تھائی لینڈ میانمار اور کمبوڈیا بلایا جاتا ہے۔ تازہ اعداد و شمار کے مطابق وزٹ ویزے پر جانے والے 3 ہزار 313 افراد کمبوڈیا سے واپس نہیں آئے۔ پرکشش ملازمتوں کے لالچ میں جانے والے ان پاکستانیوں کو غیر قانونی کاموں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ ان افراد سے کمبوڈیا میں قائم سائبر اسکیم سینٹرز میں زبردستی کام کروائے جانے کا انکشاف ہوا ہے۔ ذرائع کے مطابق کمبوڈیا میں قائم غیر قانونی جعلی کمپنیاں بڑے پیمانے پر دنیا بھر میں فراڈ کرنے میں ملوث ہیں۔

## بقیہ 17

حراست شخص کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، شہریوں کو قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

## بقیہ 18

میں ریکارڈ طلب کر لیا۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ غلط سزا دی گئی، فرخ کھوکھر موقع پر ہی نہیں تھا۔ ہائی کورٹ نے مقدمہ مدعی اور سرکاری پراسیکیوٹر کو بھی نوٹس جاری کر دیے۔ ہائی کورٹ راولپنڈی بینچ کے جج جسٹس صداقت علی خان نے سماعت کی۔

## بقیہ 19

نے جدید تفتیشی طریقہ کار، انٹیلی جنس معلومات، مسلسل فیلڈ ورک، تکنیکی شواہد اور مربوط ٹیم ورک کو بروئے کار لاتے ہوئے نہ صرف متعدد مقدمات کی گتھیاں سلجھائیں بلکہ ایسے ملزمان کو بھی قانون کے شکنجے میں لے آئی جو شہریوں میں خوف و ہراس پھیلانے کی کوشش کر رہے تھے۔ گوجر خان پولیس کی اس کامیاب کارروائی نے جرائم پیشہ عناصر کے لیے واضح پیغام دیا ہے کہ قانون کی گرفت سے بچ نکلنا اب آسان نہیں۔ گرفتار ہونے والوں میں وہ ملزمان بھی شامل ہیں جنہوں نے دو روز قبل حیات سرور روڈ پر ایک خاتون لیکچرار سے سرِ راہ موبائل فون چھین کر فرار ہونے کی واردات کی تھی۔ اسی طرح پھیری کے ذریعے ڈرم فروخت کرنے والے شوکت خان، سکنہ موہڑہ مندو، مندرہ کو گن پوائنٹ پر یرغمال بنا کر نقدی، موبائل فون اور ڈرم چھیننے والے ملزمان بھی پولیس کے ہتھے چڑھ گئے۔ مزید برآں چند ہفتے قبل وارڈ نمبر 7 کے رہائشی نوید احمد کا موٹر سائیکل چوری کرنے والے ملزمان کو بھی گرفتار کر کے پولیس نے ایک اور اہم مقدمہ کامیابی سے ٹریس کر لیا۔ ذرائع کے مطابق گرفتار پانچوں ملزمان سے تفتیش کا دائرہ وسیع کر دیا گیا ہے۔ پولیس کو توقع ہے کہ دورانِ تفتیش دیگر وارداتوں، ممکنہ ساتھی ملزمان اور مزید مسروقہ سامان کے حوالے سے اہم معلومات سامنے آئیں گی۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کریک ڈاؤن پوری قوت کے ساتھ جاری رہے گا اور شہریوں کے جان و مال سے کھیلنے والوں کے ساتھ قانون کے مطابق سختی سے نمٹا جائے گا۔ شہری و سماجی حلقوں نے گوجر خان پولیس کی اس کامیاب کارروائی کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ اسی عزم، رفتار اور پیشہ ورانہ انداز کے ساتھ کارروائیاں جاری رہیں تو نہ صرف جرائم کی شرح میں نمایاں کمی آئے گی بلکہ عوام کے احساسِ تحفظ میں بھی مزید اضافہ ہوگا۔

## بقیہ 20

کراچی کی سڑکوں پر مال بردار ٹریفک کا دہانمایاں حد تک کم ہوگا۔ مستقبل میں گوادر پورٹ، کراچی پورٹ اور پورٹ قاسم کو ایک مربوط نظام سے منسلک کرنے کا منصوبہ بھی زیرِ غور ہے جبکہ سمندری آلودگی کے تدارک، میگروز کے تحفظ اور "سی ٹو اسٹیل" منصوبے کو بھی قومی ترجیحات میں شامل کر لیا گیا ہے۔

## بقیہ 21

و رسوخ نمایاں ہے اور ایران کی کامیابی کو تسلیم نہ کرتے ہوئے دوبارہ جنگ کا آغاز کر دیا گیا۔ انہوں نے یہ بات مسجد و مدرسہ جامع تفہیم القرآن میں منعقدہ افتتاحی تقریب کے بعد آر یو جے تلہ گنگ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ موجودہ حالات میں واحد حل عالمِ اسلام کا اتحاد ہے، جبکہ مسلم ممالک میں قائم امریکی اڈے امت مسلمہ کے لیے بوجھ بن چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح صدر ٹرمپ اپنے ٹیرف پالیسی سے پسپا ہوئے، اسی طرح انہیں موجودہ صورتحال میں بھی پسپائی اختیار کرنا پڑے گی۔ انہوں نے کہا کہ اگر فریقین مذاکرات اور معاہدے کی راہ اختیار کریں تو دنیا میں امن قائم ہو سکتا ہے، بصورت دیگر جنگ کے تسلسل سے عالمی معیشت، خصوصاً غریب ممالک، شدید متاثر ہوں گے، تیل کی قیمتوں میں اضافہ ہوگا اور عوام کو مزید مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ایک سوال کے جواب میں لیاقت بلوچ نے کہا کہ افغانستان کی سرزمین پاکستان کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال ہو رہی ہے۔ دونوں اسلامی ممالک پاکستان و افغانستان کے درمیان فاصلے پیدا کرنے کی سازش کی جا رہی ہے۔

## بقیہ 22

موقع پر مکمل ہونے والے منصوبوں، زیرِ تکمیل کاموں اور باقی ماندہ سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، جبکہ منصوبے کے مختلف تکنیکی اور انتظامی پہلوؤں پر بھی غور کیا گیا۔ ڈی جی سیف سٹی/ڈی آئی جی ٹریفک نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ باقی ماندہ تمام کام مقررہ مدت کے اندر اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیے جائیں تاکہ شہریوں کو جدید سیکیورٹی، مؤثر ٹریفک مینجمنٹ اور اسمارٹ پولیسنگ کی سہولیات جلد از جلد فراہم کی جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ سیف سٹی توسیعی منصوبہ شہر میں جرائم کی روک تھام، ٹریفک کے مؤثر نظم و ضبط، ای چالان سسٹم کی بہتری اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے نگرانی کے نظام کو مزید مضبوط بنانے میں کلیدی کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ تمام تکنیکی، انتظامی اور آپریشنل امور کو بروقت مکمل کرتے ہوئے منصوبے کی رفتار مزید تیز کی جائے تاکہ اسے جلد از جلد پایہ تکمیل تک پہنچایا جا سکے۔ ڈی جی سیف سٹی/ڈی آئی جی ٹریفک نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ اسلام آباد پولیس جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال کے ذریعے شہریوں کے جان و مال کے تحفظ، محفوظ ٹریفک نظام کی فراہمی اور بہترین عوامی خدمات کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی۔

## بقیہ 23

برآمد ہوا، ایس پی راول سعد ارشد نے کہا کہ زیرِ حراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، شہریوں کو قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

## بقیہ 24

کے لئے پرعزم ہے، اس سلسلے میں ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق، ایس پی سٹی زون ڈاکٹر ایاز حسین

# رانگ وے اور بغیر ہیلمٹ ڈرائیونگ جان لیوا ثابت ہو سکتی ہے

## ایک ہفتے کے دوران لین کی خلاف ورزی پر 5 ہزار سے زائد ڈرائیورز کے خلاف قانونی کارروائیاں کی گئیں

### ٹریفک قوانین کی سنگین خلاف ورزیوں پر بلاامتیاز قانونی کارروائیاں جاری رہیں گی، سی ٹی او اسلام آباد

اسلام آباد(این این آئی)اسلام آباد ٹریفک پولیس کی لین وائیلیشن کے خلاف خصوصی انفورسمنٹ مہم جاری ہے،گزشتہ ایک ہفتے کے دوران لین کی خلاف ورزی پر 5 ہزار سے زائد ڈرائیورز کے خلاف قانونی کارروائیاں کی گئیں جبکہ آئی ٹی بی ایجوکیشن ونگ نے ایک لاکھ سے زائد شہریوں کو روڈ سیفٹی سے آگاہی بھی فراہم کی۔تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں وفاقی دارالحکومت میں ٹریفک قوانین پر مؤثر عملدرآمد، روڈ سیفٹی کے فروغ، ٹریفک کی (بقیہ نمبر 8)

ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

## جسقم کا پریا کماری کی بازیابی کیلئے احتجاج،فوری بازیابی کا مطالبہ

### معصوم بچی کو جلد از جلد بازیاب کر کے اس کے اہل خانہ کے حوالے کیا جائے

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ): جیئے سندھ قومی محاذ (جسقم) تعلقہ کندھ کوٹ کی جانب سے لاپتا ہندو بچی پریا کماری کی بازیابی کے لیے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔مظاہرے کی قیادت جسقم کے ضلعی صدر ولی سندھی نے کی، جبکہ حفیظ سندھی، رفیق لاشاری، مظہر سنجرانی، عرفان سندھی، آفتاب سندھی، رضا عباس اور دیگر کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔مظاہرین نے ہاتھوں میں بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے (بقیہ نمبر 7)

## موجودہ حالات میں واحد حل عالم اسلام کا اتحاد ہے،لیاقت بلوچ

### مسلم ممالک میں قائم امریکی اڈے امت مسلمہ کے لئے بوجھ بن چکے ہیں

تلہ گنگ (این این آئی)امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ حالیہ ایران، اسرائیل اور امریکہ کی جنگ میں بنیادی طور پر ایران کو کامیابی حاصل ہوئی ہے، تاہم اسرائیل اور امریکہ اپنی شکست تسلیم کرنے کے لیے تیار نہیں،امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ حواس باختہ ہیں اور حالات وواقعات کو تجارت کی بنیاد پر چلانے کی کوشش کر رہے ہیں،جس کے باعث امریکہ کی عالمی ساکھ متاثر ہو رہی ہے،امریکہ کی پالیسی پر یہودی لابی کا اثر (بقیہ نمبر 21)

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی ایس پی ہیڈ کوارٹرز پری گل ترین سے میٹنگ کر رہے ہیں

## سیف سٹی توسیعی منصوبے پر پیش رفت کا جائزہ اجلاس

### ڈی جی سیف سٹی نے منصوبے کی مجموعی پیش رفت اور زیر تکمیل کاموں کا تفصیلی جائزہ

افسران کو باقی ماندہ کام مقررہ مدت میں اعلیٰ معیار کیساتھ مکمل کرنے کے احکامات جاری

اسلام آباد(این این آئی)ڈی جی سیف سٹی/ڈی آئی جی ٹریفک محمد ہارون جوئیہ کی زیر صدارت سیف سٹی توسیعی منصوبے پر پیش رفت کا جائزہ لینے کیلئے اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں منصوبے کی مجموعی پیش رفت، مکمل اور زیر تکمیل کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور افسران کو باقی ماندہ کام مقررہ مدت میں اعلیٰ معیار کے ساتھ مکمل کرنے کے احکامات جاری کئے گئے۔تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر جنرل سیف سٹی/ڈی آئی جی ٹریفک اسلام آباد محمد ہارون جوئیہ کی زیر صدارت سیف سٹی توسیعی منصوبے کے حوالے سے ایک اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں منصوبے پر کام کرنے والی پروجیکٹ ٹیم اور متعلقہ افسران نے شرکت کی۔اجلاس کے دوران سیف سٹی توسیعی منصوبے کی مجموعی پیش رفت پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس (بقیہ نمبر 22)

## شہریوں کا سامان چرانے والا 2 رکنی گینگ گرفتار

### مسروقہ ایل سی ڈی، موبائل فون، رقم 10 ہزار روپے اور دیگر سامان برآمد

راولپنڈی(این این آئی) تھانہ سٹی پولیس نے شاپنگ کیلیے آنے والے شہریوں کا سامان چرانے والا 2 رکنی گینگ گرفتار کر کے مسروقہ ایل سی ڈی، موبائل فون، رقم 10 ہزار روپے اور دیگر سامان برآمد کرلیا۔تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے شاپنگ کے لیے آنے والے شہریوں کا سامان چرانے والا 2 رکنی گینگ کو گرفتار کرلیا، زیر حراست گینگ سے مسروقہ ایل سی ڈی، موبائل فون، رقم 10 ہزار روپے اور دیگر سامان (بقیہ نمبر 23)

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کا ڈی آئی جی اسلام آباد، ایس ایس پی انویسٹی گیشن، ایس پی کمپلینٹس اور لیگل ٹیم کے افسران سے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق کی کھلی کچہری

### شہریوں کے مسائل سن کر افسران کو حل کے احکامات جاری

اسلام آباد(این این آئی)ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق اور زونل ایس پیز نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سن کر افسران کو فوری حل کے احکامات جاری کئے۔تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس شہریوں کے مسائل کے حل (بقیہ نمبر 24)

اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کے مسائل کے فوری حل کے لیے ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے اپنے دفتر میں شہریوں سے ملاقات کی، ان کے مسائل سنے اور فوری حل کے لئے اقدامات کئے

## اسلام آباد پولیس کے گرینڈ سرچ اینڈ کومنگ آپریشنز

### چار مشکوک افراد، 58 موٹر سائیکل تھانہ جات منتقل، دو پستول معہ ایمونیشن برآمد

اسلام آباد(این این آئی)اسلام آباد پولیس نے گرینڈ سرچ اینڈ کومنگ آپریشنز کے دوران جانچ پڑتال کیلئے چار مشکوک افراد اور 58 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات منتقل کیا۔تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارلحکومت میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں گرینڈ کومنگ اینڈ سرچ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے۔اس سلسلے میں زونل ایس پیز کی زیر نگرانی مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اور کومنگ آپریشن کیے گئے۔

## عدالتی مفروران اور اشتہاریوں سمیت 38 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

### گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے

اسلام آباد(این این آئی)اسلام آباد پولیس نے سنگین جرائم میں ملوث عدالتی مفروران اور اشتہاریوں سمیت 38 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر لئے۔تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارلحکومت میں شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لئے موثر کریک ڈاون جاری ہے۔اس سلسلے (بقیہ نمبر 25)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

## بہترین پولیس افسران کو تعریفی اسناد سے نوازا گیا

### پولیس افسران فرائض منصبی ایماندار،خلوص نیت سے سرانجام دیں،اے آئی جی لوجسٹکس

اسلام آباد(این این آئی)اے آئی جی لوجسٹکس عبدالحق عمرانی نے فرائض منصبی کی ادائیگی میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر پولیس افسران کو تعریفی اسناد سے نوازا۔تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ انسپکٹر جنرل آف پولیس لوجسٹکس عبدالحق عمرانی نے فرائض کی انجام دہی کے دوران بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر پولیس افسران کو تعریفی (بقیہ نمبر 9)

ایس پی صدر زون خالد محمود اعوان نے ہسپتالوں میں ویلفیئر کی ڈیوٹی پر مامور افسران کو بہترین ڈیوٹی سرانجام دینے پر حوصلہ افزائی کی اور تعریفی اسناد سے نوازا گیا

## دہشت گردوں کی ہلاکت پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

### مستقل امن واستحکام کیلئے ایسے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز ناگزیر ہیں، وزیر داخلہ

اسلام آباد(این این آئی)وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بنوں اور اس کے ملحقہ علاقوں میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سکیورٹی فورسز کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں وزیر داخلہ (بقیہ نمبر 12)

## ایل پی جی کی سرکاری نرخوں پر فروخت ممکن نہ ہو سکی

### سرکاری نرخ 241 روپے کی بجائے 350 سے 450 روپے فی کلو تک فروخت

لاہور(این این آئی)صوبائی دارالحکومت لاہو رسمیت صوبہ بھر میں ایل پی جی کی سرکاری نرخوں کے برعکس من مانی قیمتوں پر فروخت کا سلسلہ بدستور جاری ہے۔مارکیٹ میں سرکاری نرخ 241 روپے فی کلو ہونے کے باوجود ایل پی جی 350 سے 450 روپے فی کلو تک فروخت کی جا رہی ہے۔شہریوں نے متعلقہ انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ ایل پی جی (بقیہ نمبر 13)

سی پی او راولپنڈی حسن مشتاق سکھیرا کی ہدایات کے مطابق شہر بھر میں نماز جمعہ کے دوران موثر سکیورٹی انتظامات، فیلڈ افسران نے سیکورٹی انتظامات کو چیک اور فورس کو بریف کیا، راولپنڈی پولیس شہریوں کی جان ومال کی حفاظت کے لئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے

## زیر التوا مقدمات کو میرٹ پر جلد از جلد نمٹایا جائے

### آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کا تھکمانہ امور وتفتیش کے نظام میں مزید بہتری،، مجموعی کارکردگی سے متعلق مختلف امور کا جائزہ

### سید علی ناصر رضوی کی شہریوں کو بروقت انصاف کی فراہمی اور تفتیشی معیار کو مزید بہتر بنانے کے حوالے سے ضروری ہدایات جاری

اسلام آباد(این این آئی) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے تھکمانہ امور وتفتیش کے نظام میں مزید بہتری، زیر تفتیش مقدمات کی پیش رفت اور مجموعی کارکردگی سے متعلق مختلف امور کا جائزہ لیتے ہوئے شہریوں کو بروقت انصاف کی فراہمی اور تفتیشی معیار کو مزید بہتر بنانے کے حوالے سے ضروری ہدایات جاری کیں۔تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی (بقیہ نمبر 14)

## گلبرگ میں 17 سالہ لڑکی کی مبینہ خودکشی،تحقیقات شروع

### مناہل نے مبینہ طور پر گھریلو جھگڑے پر زہریلیاں گولیاں کھائیں،ہسپتال میں دم توڑ گئی

لاہور(این این آئی)گلبرگ کے علاقے میں 17 سالہ لڑکی نے مبینہ خودکشی کر لی۔بتایا گیا ہے کہ 17 سالہ مناہل نے مبینہ طور پر گھریلو جھگڑے کے بعد زہریلی گولیاں نگل لیں جسے تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل کیا گیا تاہم وہ جانبر نہ ہو سکی۔پولیس نے شواہد اکٹھے کر کے قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔پولیس حکام کے مطابق واقعے کی مختلف پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں، جبکہ موت کی حتمی وجہ پوسٹمارٹم رپورٹ آنے کے بعد ہی سامنے آئے گی۔

## پاکستان میں جرائم پیشہ عناصر اور انسانی اسمگلرز کا نیٹ ورک فعال

### کمبوڈیا میں قائم سائبر اسکیم سینٹرز میں زبردستی کام کروائے جانے کا انکشاف

اسلام آباد(این این آئی)بیرون ملک پرکشش ملازمتوں کا لالچ دینے والے جرائم پیشہ عناصر اور انسانی اسمگلرز کا نیٹ ورک پاکستان میں فعال ہوگیا۔میڈیا رپورٹ کے مطابق ماہرین نے تنبیہ کی ہے کہ شہری اپنے بچوں کو غیر معمولی تنخواہ کے لالچ میں تھائی لینڈ، میانمار، کمبوڈیا بھیجنے سے پہلے سوچ سمجھ لیں، کیونکہ پاکستان میں بین الاقوامی منظم جرائم پیشہ عناصر اور انسانی اسمگلرز کے نیٹ ورک کے فعال ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ذرائع کے (بقیہ نمبر 16)

## ماجد ستی قتل، جے یو آئی رہنما فرخ تاجی کھوکھر نے فیصلہ چیلنج کر دیا

### فرخ کھوکھر نے فیصلہ معطل کر کے ضمانت کی درخواست بھی دائر کر دی

راولپنڈی(این این آئی)تحریک انصاف کے کارکن ماجد ستی قتل کیس میں سزا پانے والے جمعیت علمائے اسلام کے رہنما فرخ تاجی کھوکھر نے فیصلہ چیلنج کر دیا۔فرخ کھوکھر نے فیصلہ معطل کر کے ضمانت کی درخواست بھی دائر کر دی۔ہائی کورٹ راولپنڈی بینچ نے اپیل اور ضمانت کی دونوں درخواستیں سماعت کے لیے منظور کرتے ہوئے ایک ہفتے (بقیہ نمبر 18)

## رابری اور موٹر سائیکل چوری میں ملوث 5 خطرناک ملزمان گرفتار

### خاتون لیکچرار سے موبائل چھیننے، ڈرم فروش کو گن پوائنٹ پر لوٹنے اور موٹر سائیکل چوری کے مقدمات ٹریس، ملزمان قانون کی گرفت میں

### برق رفتار انٹیلی جنس، جدید تفتیش اور مسلسل چھاپوں نے جرائم پیشہ نیٹ ورک کو ہلا کر رکھ دیا، مزید اہم انکشافات اور برآمدگیوں کی توقع

گوجرخان (قمر شہزاد) جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرتے ہوئے گوجرخان پولیس نے بڑی کامیابی اپنے نام کر لی۔سی پی او راولپنڈی حسن مشتاق سکھیرا کی ہدایات، اے ایس پی گوجرخان سید دانیال حسن کی کڑی نگرانی اور ایس ایچ او تھانہ گوجرخان انسپکٹر طیب ظہیر بیگ کی پیشہ ورانہ قیادت میں پولیس ٹیموں نے برق رفتار اور مربوط کارروائیاں کرتے ہوئے رابری، سٹریٹ کرائم، اسنیچنگ اور موٹر سائیکل چوری کی سنگین وارداتوں میں ملوث پانچ خطرناک ملزمان کو انتہائی مختصر وقت میں گرفتار کر لیا۔ذرائع کے مطابق گوجرخان پولیس (بقیہ نمبر 19)

نیوٹاؤن پولیس کی کارروائی، ڈکیتی، موٹر سائیکل چوری ودیگر چوری کی وارداتوں میں ملوث گینگ کا سرغنہ گرفتار

## پورٹ قاسم پر جہاز رانی کے شعبے میں متعدد میگا منصوبوں کا آغاز

کراچی (این این آئی) پورٹ قاسم پر جہاز رانی کے شعبے میں متعدد میگا منصوبوں کا آغاز کر دیا گیا ہے جبکہ بندرگاہ کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کا عمل بھی تیز کر دیا گیا ہے۔اہم ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل 2027 تک متوقع ہے، جن سے ملکی تجارت اور لاجسٹکس کو نئی رفتار ملے گی۔جاری منصوبوں کے ذریعے سمندری، ریلوے اور زمینی ٹرانسپورٹ کو ایک مربوط نیٹ ورک میں تبدیل کیا جائے گا، جبکہ ریلوے اور بندرگاہی رابطوں کی بہتری سے (بقیہ نمبر 20)

## بنوں میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد(سی ایم لنکس)سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے بنوں میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔جمعہ کو اپنے ایک بیان میں انہوں نے فتنہ الخوارج کے 24 دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ وارانہ مہارتوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ بھارتی پراکسی فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کے مذموم (بقیہ نمبر 15)

## ڈکیتی، موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث گینگ کا سرغنہ گرفتار

راولپنڈی(این این آئی) نیوٹاؤن پولیس نے ڈکیتی، موٹر سائیکل چوری و دیگر چوری کی وارداتوں میں ملوث گینگ کا سرغنہ گرفتار کر کے 5 مسروقہ موٹر سائیکل، 3 موبائل فون، نقدی اور اسلحہ برآمد کرلیا۔تفصیلات کے مطابق نیوٹاؤن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی، موٹر سائیکل چوری و دیگر چوری کی وارداتوں میں ملوث گینگ کے سرغنہ کو گرفتار کرلیا، زیر حراست گینگ سے 5 مسروقہ موٹر سائیکل، 3 موبائل فون، نقدی اور اسلحہ برآمد ہوا، ایس پی راول سعد ارشد نے کہا کہ زیر (بقیہ نمبر 17)

## 5 ملزمان گرفتار، 2 کلوگرام سے زائد چرس، 28 لیٹر شراب برآمد

راولپنڈی(این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 5 ملزمان گرفتار کر کے 2 کلوگرام سے زائد چرس، 28 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔تفصیلات کے مطابق تھانہ پیر ودھائی پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 2 کلو 40 گرام چرس برآمد کی، واہ کینٹ پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 10 لیٹر شراب برآمد کی، جاتلی پولیس نے 2 ملزمان کو گرفتار کر کے 10 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، ریس کورس پولیس نے ایک (بقیہ نمبر 26)

ڈی آئی جی سیکورٹی رانا عمر فاروق نے ریڈ زون میں سیکورٹی ڈیوٹیز کا جائزہ لے رہے ہیں

## ساتھی کے ہمراہ فائرنگ کر کے شہری کو قتل کرنے والا شخص گرفتار

راولپنڈی(این این آئی) تھانہ گوجرخان پولیس نے دو ہفتے قبل سابقہ رنجش پر ساتھی کے ہمراہ فائرنگ کر کے شہری کو قتل کرنے والا شخص گرفتار کر لیا۔تفصیلات کے مطابق تھانہ گوجرخان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے دو ہفتے قبل سابقہ رنجش پر ساتھی کے ہمراہ فائرنگ کر کے شہری کو قتل کرنے والے شخص کو گرفتار کر لیا، زیر حراست شخص قتل کی واردات کے بعد روپوش ہو گیا تھا، گوجرخان پولیس نے مقدمہ درج کر کے ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلی (بقیہ نمبر 28)

## وزیر خزانہ کی زیر صدارت کیپٹل مارکیٹ ڈویلپمنٹ کونسل کا اجلاس

### سرمایہ جاتی منڈی کی اصلاحات پر تیز رفتار عملدرآمد کی ہدایت

اسلام آباد(این این آئی)وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے سرمایہ جاتی منڈی کی اصلاحات پر تیز رفتار عملدرآمد کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اب صرف مشاورت کے بجائے عملی اقدامات کا وقت ہے،کونسل کی آئندہ سرگرمیوں کو مختلف اصلاحاتی شعبوں کے تحت خصوصی ورکنگ گروپس کی صورت میں منظم کیا (بقیہ نمبر 27)

## لاہور، کار چوری کی وارداتوں میں 80 فیصد کمی ریکارڈ

### رواں سال کے پہلے 6 ماہ کے دوران صرف 27 واقعات رپورٹ

لاہور(این این آئی)صوبائی دارالحکومت لاہور میں کار چوری کی وارداتوں میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق رواں سال کے پہلے چھ ماہ کے دوران کار چوری کے واقعات میں گزشتہ سال کے مقابلے میں تقریباً 80 فیصد کمی آئی ہے۔اعداد وشمار کے مطابق 2025ء کے پہلے چھ ماہ میں شہر بھر میں کار چوری کے 137 مقدمات درج ہوئے تھے جبکہ 2026ء کے پہلے چھ ماہ کے دوران کار چوری کی صرف (بقیہ نمبر 29)

## خوساختہ مہنگائی کا راج پرائس کنٹرول نظام مفلوج

### عوام کا معاشی استحصال عروج پر

پھل، سبزیاں، چکن، بیف اور مٹن سرکاری نرخوں سے سینکڑوں روپے مہنگے پرائس کنٹرول نظام بے نقاب، ذمہ دار خاموش شہری ریلیف سے محروم

### مہنگائی نے سفید پوش طبقے سے عزت کی روٹی چھین لی شہریوں کا AC سے بولی کے عمل کی نگرانی کا مطالبہ منڈی سے مارکیٹ تک مہنگائی کی کڑی توڑنے کی اپیل

گوجرخان (قمر شہزاد) حکومت کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی کے دعووں کے باوجود گوجرخان میں مہنگائی کا جن پہلے سے زیادہ بے قابو ہو چکا ہے۔ایک طرف عوام مہنگی بجلی، گیس اور روزمرہ اخراجات کے بوجھ تلے پس رہی ہے تو دوسری جانب پھل، سبزیاں، چکن، بیف اور مٹن بھی عام آدمی کی دسترس سے باہر ہوتے جا رہے ہیں۔شہریوں کا کہنا ہے کہ حکومت کی جانب سے پیٹرول سستا کرنے کا اعلان صرف خبروں تک محدود رہا، جبکہ عملی طور پر بازاروں میں (بقیہ نمبر 5)

ڈی جی سیف سٹی/ڈی آئی جی ٹریفک محمد ہارون جوئیہ کی زیر صدارت اہم میٹنگ کا انعقاد، لیجنڈل ڈویلپمنٹ اتھارٹی اور سیف سٹی تکنیکی ٹیم نے شرکت کی۔

## جون میں کرنٹ اکاؤنٹ 65 کروڑ ڈالر خسارے میں چلا گیا

### مئی 2026 میں جاری کھاتہ 50 کروڑ ڈالر سرپلس میں تھا،اسٹیٹ بینک

کراچی(این این آئی) جون 2026 کے دوران ملک کے جاری کھاتے (کرنٹ اکاؤنٹ) کو 65 کروڑ ڈالر کے خسارے کا سامنا کرنا پڑا جبکہ مئی 2026 میں جاری کھاتہ 50 کروڑ ڈالر سرپلس میں تھا۔اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے (بقیہ نمبر 30)

## غیر قانونی طور پر اسپین جانے کا خواہشمند مسافر آف لوڈ

### مسافر نے ویزا اور سفری انتظامات کے عوض ایجنٹ کو 18 لاکھ روپے ادا کیے، رپورٹ

کراچی(این این آئی)مراکش کے ویزے کی آڑ میں غیر قانونی طور پر اسپین جانے کے خواہشمند مسافر کو آف لوڈ کر دیا گیا۔مسافر فرحان کے مطابق مراکش کا بزنس ویزا فواد مقبول نامی ایجنٹ نے فراہم کیا تھا، مسافر نے ویزا اور سفری انتظامات کے (بقیہ نمبر 32)

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی ڈی جی سیف سٹی محمد ہارون جوئیہ اور SWAT فورس کے میجر اعجاز کے ساتھ میٹنگ کر رہے ہیں

## پنجاب حکومت نے 04 افسران کے تقرر و تبادلے کر دیئے

لاہور(این این آئی) پنجاب حکومت نے 04 افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیئے۔ایکس پاکستان رخصت پر گئے ہوئے چیف ایگزیکٹو آفیسر پنجاب بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ (پی بی آئی ٹی) توصیف دلشاد کھٹانہ کو تبدیل کر کے محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ کرنے کا حکم، ڈائریکٹر جنرل انڈسٹریز، پرائسز، ویٹس اینڈ میوزز پنجاب ذیشان شبیر رانا کو چیف ایگزیکٹو آفیسر پنجاب بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ (بقیہ نمبر 33)

## فائرنگ کر کے شہری کو قتل کرنے والے چار افراد گرفتار

راولپنڈی(این این آئی) تھانہ جاتلی پولیس نے فائرنگ کر کے شہری کو قتل کرنے والے چار افراد گرفتار کر لیے۔تفصیلات کے مطابق تھانہ جاتلی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے فائرنگ کر کے شہری کو قتل کرنے والے چار افراد کو گرفتار کر لیا، زیر حراست افراد نے سابقہ دشمنی پر شہری کو قتل کیا تھا، زیر حراست افراد رواں سال اپریل سے پولیس کو مطلوب تھے، جاتلی پولیس نے ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلی جنس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کر لیا، زیر حراست (بقیہ نمبر 31)

## ببرلوئی دھرنے سے اظہار یکجہتی گھنٹہ گھر چوک پر احتجاجی کیمپ قائم

### پریا کماری سمیت سندھ بھر سے لاپتا بچوں کی بازیابی کے لیے خصوصی اقدامات کیے جائیں تحقیقات کو تیز کیا جائے

### ببرلوئی بائی پاس پر جاری دھرنا عوامی احساسات کی ترجمانی کر رہا ہے،امیر جماعت اسلامی کندھ کوٹ

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ): ببرلوئی بائی پاس پر پریا کماری، اجالا سولنگی، فضیلہ سرکی سمیت سندھ بھر سے لاپتا بچوں کی بازیابی کے لیے گزشتہ 21 روز سے جاری احتجاجی دھرنے سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے کندھ کوٹ میں گھنٹا گھر چوک پر احتجاجی کیمپ قائم کیا گیا۔احتجاجی کیمپ جماعت اسلامی کندھ کوٹ، شہری اتحاد کندھ کوٹ اور مختلف سیاسی، سماجی و مذہبی تنظیموں کی مشترکہ اپیل پر قائم کیا گیا، جہاں شہریوں، سیاسی کارکنوں، سماجی رہنماؤں، مذہبی شخصیات اور سول سوسائٹی کے نمائندوں (بقیہ نمبر 6)

## لاہور ہائیکورٹ کا روڈا کو بڑا ریلیف، آئینی درخواست خارج کر دی

### سول کورٹ میں زیر سماعت ریفرنس کی کارروائی رکوانے کی استدعا بھی مسترد کر دی گئی

لاہور(این این آئی)لاہور ہائیکورٹ نے راوی اربن ڈویلپمنٹ اتھارٹی (روڈا) کو بڑا ریلیف دیتے ہوئے روڈا کے خلاف دائر آئینی درخواست خارج کر دی جبکہ سول کورٹ میں زیر سماعت ریفرنس کی کارروائی رکوانے کی استدعا بھی مسترد کر دی۔لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس راحیل کامران شیخ نے شہری طیب نور کی درخواست پر سماعت کی۔ پنجاب حکومت کی جانب سے اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل محمد عثمان خان عدالت میں پیش ہوئے اور درخواست کے قابلِ سماعت ہونے پر ابتدائی اعتراضات اٹھائے۔درخواست گزار کے وکلاء نے عدالت سے استدعا کی کہ سول کورٹ میں روڈا کے ایوارڈ کے خلاف زیر سماعت (بقیہ نمبر 34)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ

ہم سے بنوائیں.

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

Call / Whatsapp 0309-7900035

E-Commerce Website Price: 6000/-